اِزالۃ الشک
عن
مسئلہ فدک
علامہ محمد عبدالستار صاحب تونسوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الانبیاء والمرسلین وعلیٰ اٰلہ واز واجہ واصحابہ اجمعین

اما بعد!

بندہ جہاں جہاں تقریر کے لئے مسلمانوں کی خدمت میں حاضر ہوا۔ عموماً ہر جگہ وہر مقام پر بعض لوگوں کی طرف سے مسئلہ فدک کے متعلق دریافت کیا گیا۔ حالانکہ فدک کا مسئلہ کوئی اس قسم کا اصولی مسئلہ نہیں۔ جو کہ ضروریات دین میں سے ہو۔ اگر ایک شخص کا ضروریات دین پر ایمان ہو، اور اس کو فدک کے حالات وحقائق حتیٰ کہ نام تک کا بھی علم نہ ہو۔ تو اس کے دین وایمان میں کوئی خلل اور نقص واقع نہ ہوگا۔ یہ تو ایک تاریخی واقعہ ہے (جس کو موضوع بحث بنانا بلکہ ایمان وکفر کا دارومدار ٹھیرانا۔ اور اس کے لئے عام مسلمانوں میں ہیجان و ہنگامہ آرائی کی مہمیں اور مسلمانوں میں تفرقہ بازی کی کوششیں کونسی خدمت دین اور تقاضائے ایمان ہے۔)

بندہ کو اس مسئلہ پر خامہ فرسائی اور توجہ کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ میرا کامل اعتقاد اور محکم یقین ہے کہ جناب صدیق رضؓ وفاروق رضؓ غنی رضؓ وعلی رضؓ عباس رضؓ وحسنین، سیدہ بی بی فاطمۃ الزہراء

سیدہ بی بی عائشہ صدیقہ رضؓ، بنو ہاشم اور قریش، تمام انصار و مہاجرین سب کے سب یک دل و یک جان اور رحماء بینھم کے پورے مصداق اور واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً وغیرہ احکام قرآنی کے پورے پابند کامل اتفاق و اتحاد اور وحدت و محبت کی گہرائیوں میں جکڑے ہوئے تھے ۔ آج کل اسلامی اتحاد و تنظیم کے خلاف اسٹیجوں، پریسوں سے وعظ کیے جا رہے ہیں ۔ اور اہل اسلام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت سے موجودہ دور تک دو مخالف گروہوں میں تقسیم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ بعض لوگوں کو خلفاء رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور ائمہ اسلام اور مقتدایان اہل ایمان جناب صدیق رضؓ و فاروق رضؓ و غنیؓ و علیؓ و سیدہ بتول رضؓ ۔ ان نجوم ہدایت، تربیت یافتگان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق اسی قسم کے طعن و تشنیع اور عیب چینی اور بدگوئی کا موقعہ فراہم کیا جا رہا ہے ۔ کہ یہ سب حضرات سرمایہ پرست، خود غرض، فقراء و مساکین کے حقوق خورد برد کرنیوالے اور دنیاوی اقتدار اور مال و متاع کیلئے (نعوذ باللہ) باہم دشمن اور دست بگریباں تھے ۔

عاجز نے مذکورہ بالا یہی دو امور مدنظر رکھ کر یہ چند سطور، برادران اسلام کی ہمدردی اور خیر خواہی کیلئے لکھی ہیں ۔ تاکہ ائمہ اسلام و مقتدایان دین کے پاکیزہ کردار اور مقدس سیرت کو اور وحدت اسلامی کے نظریہ اور اسلامی اخوت و اتحاد کے زریں اصول کو بدنما داغ لگانے والوں کے ناجائز حملوں سے پاک صاف سمجھیں ۔ وما

تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

واقعہ فدک کی تشریح سے پہلے اس حقیقت پر غور کیجئے کہ ہر دیانت دار، منصف مزاج انسان بخوبی جانتا ہے کہ موجودہ دور وقرن ہو۔ یا ازمنہ ماضیہ کی گذشتہ تاریخ ہو یا زمان مستقبل کے، آنیوالے اوقات ہوں، ہر دور وہر قرن میں جب بھی کوئی اجتماعی قومی ملی، دینی و مذہبی تحریک اٹھائی گئی۔ یا اٹھائی جاوے گی۔ تو اس کی کامیابی اور ترقی کا دارو مدار صرف اس امر پر ہے کہ اس تحریک کو چلانے، اپنانے، ماننے والے، اسکی ترقی وکامیابی کے لئے، سر دھڑ کی بازی لگانے اور ہر قسم کی مالی وجانی قربانی سے دریغ نہ کریں۔ بلکہ اپنا سب کچھ گھر بار مال و دولت۔ حتیٰ کہ اپنی جانوں تک کو اس تحریک کی کامیابی کے لئے لگادیں مگر یہ سب کچھ تب گوارا کیا جاتا ہے۔ جبکہ لوگوں کو اس تحریک کے بانی ومؤسس اور اس تحریک کے اٹھانے والے لیڈر پر پورا اعتماد اور مکمل بھروسہ ہو کہ یہ شخص، خود غرض مفاد پرست نہیں۔ قومی وملی مفاد کو اپنے ذاتی مفاد سے بہتر سمجھتا ہے، اور اجتماعی مصلح کو اپنے ذاتی اور اپنے خاندان و رشتہ داروں کی مصلحتوں سے مقدم رکھتا ہے۔

ہمیشہ ہر تحریک کی کامیابی کی روح اور ترقی کا راز یہی رہا ہے کہ اس کے بانی اور لیڈر نے اخلاص کے ساتھ اپنا سب کچھ قوم کی خدمت اور مصلحت کے لئے وقف کردیا۔ تب اس شخص کے پیچھے قوم نے

لبیک کہا۔

دنیا میں اس طریقہ کے مروّج اور پسندیدہ ہونے اور اس عمل کے محبوب و مرغوب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ درحقیقت حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی مقدس او معصوم تعلیمات اور بے لوث پاکیزہ زندگیوں سے دنیا کو یہ پہلا سبق یہی ملا ہے۔

بادشاہی ملوکیت اور نبوت و خلافت نبوت کے درمیان نمایاں امتیاز اور بنیادی فرق یہی ہوتا ہے۔ کہ ملوک و بادشاہ دنیادی ساز و سامان مال و دولت اور عیش و عشرت، لذات و خواہشاتِ نفسانی پر مفتون و فریفتہ ہوتے ہیں۔ ان کی ساری دلبستگی اور رات و دن کی سردردی اور ہر وقت کی دوڑ دھوپ کا مقصد صرف دنیا ہی دنیا ہوتی ہے، اس کے برعکس حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اور ان کے خلفاء عظام رضی اللہ عنہم کا مقصد و مطمح نظر اور ان کی ساری سعی و کوششوں کا مرکز و محور اللہ تعالیٰ کی رضامندی و خوشنودی کے بغیر اور کچھ ہی نہیں ہوتا۔ ان حضرات کو رات دن یہی تڑپ یہی جذبہ دامن گیر رہتا ہے کہ گھر بار، مال و دولت، عزیز و اقارب، دوست و احباب اپنا جسم و جان، عیش و آرام اور عزت و آبرو سب کچھ اس کی راہ و رضا میں فنا و فدا ہو جائے۔ تو یہی حقیقی کامیابی اور انتہائی امید و آرزو ہے۔ ان حضرات کو اس راہ میں جتنے مظالم و مصائب اور شدائد و حوادث پیش آئیں۔ ان سب کو برداشت کرنے میں لذت و راحت محسوس کرتے ہیں، ان حضرات کا اصلی مقام و مرتبہ یہی عبدیت اور للّٰہیت ہی ہے۔ کہ زندگی کا ہر لمحہ اور ہر سانس اور زندگی کے

تمام علائق و لواحق صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہوں اگر کچھ کہتے سنتے ہیں تو اسی کے لئے۔ اگر لیتے دیتے ہیں تو اسی کے لئے۔ اگر اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے ہیں تو اسی کے لئے، اگر مرتے جیتے ہیں تو اسی کے لئے۔ اور یہی سبق اور روح اپنے جانشینوں اور پسماندگان میں چھوڑ جاتے ہیں۔

قیصر و کسریٰ شاہان عالم تو اپنے جانشینوں کے لئے دنیاوی مال و متاع حشم و خدم، حکومت و تکبر وراثت چھوڑ جاتے ہیں۔ مگر حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اخلاص و للہیت اور اخلاق و علومِ نبوت اور راہ خدا میں قربانی و جاں فشانی کا درس وراثت میں چھوڑ جاتے ہیں، ان کے پاس مال و متاع جس قدر رہا تو بیت المال یعنی خزانہ الٰہی، جو دین الٰہی کے لئے اور عاجز محتاج لوگوں اور یتیموں مسکینوں، کے لئے رہا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق قرآن مجید میں بصراحت موجود ہے

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُکِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ !	یا رسول اللہ! فرما دیجئے کہ میری بدنی اور مالی اعمال و عبادات، اور میری زندگی اور موت، سب کچھ، اللہ تعالیٰ رب العالمین ہی کے لئے ہے

پ ۸ سورہ انعام

قُلْ مَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ یَّتَّخِذَ اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیْلًا ۔ پ ۱۹ سورہ فرقان	تو کہہ میں نہیں مانگتا تم سے اس پر کچھ اجر۔ مگر جو کوئی چاہے کہ پکڑ لے اپنے رب کی راہ۔

حدیث شریف میں وارد ہے۔

مَالِی وَلِلدُّنیا	مجھے مال و متاعِ دنیا سے کوئی تعلق ولگاؤ نہیں۔ !

یہی وجہ تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو رات دن ہر لحہ وہر لحظہ یہی فکر دامن گیر تھی۔ کہ اللہ تعالیٰ سے بے علم و بے تعلق اور دارِ دنیا میں مست و مدہوش ہو کر دارِ آخرت کی دائمی زندگی سے بے خبر انسان خواہشاتِ نفس اور حبِ دنیا کی گرفتاریوں سے نکل کر معرفتِ الٰہی اور تعلق باللہ کے انوار سے منور ہوں اور فکرِ آخرت میں دائمی رضاءِ الٰہی کے لئے اپنا مال و جان عزیز و اقارب، دوست و احباب، گھر بار، سب کچھ قربان کر کے بارگاہِ الٰہی میں سرفراز و سرخرو ہو جائیں۔
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رات دن، صبح شام ہر لمحہ و ہر آن متواتر کامل تئیس سال تک نہایت ہی عرق ریزی، اور جان فشانی سے اک دعوتِ الی اللہ اور تبلیغ و تربیت و تذکیہ کو پورے اہتمام سے جاری رکھا اور انتہائی اخلاص اور دردِ دل اور سوز و گداز سے ہدایتِ خلق کے لئے کوشاں و مصروف رہے۔ تو اس، مبارک تعلیم و تبلیغ اور تربیت و تذکیہ کا شاندار زبردست نتیجہ اور غیر معمولی اثر ہوا کہ لوگ جوق در جوق دینِ الٰہی کو قبول کرنے لگے جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہے

وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا۔ !	یارسول اللہ! تو دیکھے کہ اللہ کے دین میں فوجوں کی فوجیں داخل ہو رہی ہیں۔

یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دینِ الٰہی میں فوجوں کی فوجیں داخل ہو گئیں اور حضور علیہ السلام کی تعلیم و تربیت سے جو لوگ دینِ الٰہی میں داخل و شامل،

ہو گئے۔ ان کے متعلق ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيَاتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ o پ ۴ سورۃ آل عمران

آپ کی تعلیم و تربیت سے یہ لوگ پاکیزہ اعمال و عقائد اور اخلاق عالیہ سے متصف اور مزکی ہو جاتے ہیں، اس سے پہلے ضرور صریح گمراہی میں مبتلا تھے۔

مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم و تربیت اور تذکیہ و تطہیر نے ان کو سب گمراہیوں اور برائیوں سے دور اور اتنا محفوظ و مبرا کر دیا کہ قرآن شریف میں ان شاگردانِ رسولؐ کے متعلق اللہ تعالیٰ نے نہایت عالی شان اور زوردار الفاظ میں ان کے کمال ایمان و تقویٰ اور رشد و ہدایت اور امانت، دیانت صداقت، لیاقت اور اپنی دائمی رضامندی اور ان کے قطعی جنتی ہونے کا متعدد جگہ اعلان و بیان فرمایا ہے۔ پ ۲۶ سورہ فتح۔

صلح حدیبیہ کے موقعہ پر جو چودہ سو سرفروش جانباز پروانہائے شمع رسالت جنہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس و نورانی ہاتھ پر کفار کے مقابلہ میں حضور پرنور کے حکم سے شہید ہو جانے پر بیعت کی تھی، جن کی سرفروشی اور کمال عشق و محبت رسول اللہ کا نقشہ خود شیعہ حضرات کی معتبر کتاب حیات القلوب جلد دوم ص ۵۰۴ پر مرقوم ہے کہ۔

عروہ بن مسعود حضور کی خدمت میں آیا دید کہ صحابہؓ چگونہ اطاعت آنحضرت بنمایند۔ چوں خدمتے میفرماید ہمہ بریکدیگر سبقت میگیرند

چوں دست میشوید یا وضو میسازد بر سر آں آب کہ از دست و دہاں مبارکش میریزد مقاتلہ مینمایند و چوں سخن میگوید صدا ابلند نمیکنند وازروئے ادب آہستہ سخن میگویند و تند بر روئے آنحضرت نظر نمیکنند..... برگشت و گفت من نیز و پادشاہاں بسیار رفتہ ام ...... بخدا سوگند کہ ندیدہ ام ہیچک از آنہا اطاعت بادشاہ خود و تعظیم او کنند، مثل آنکہ اصحاب محمد تعظیم و اطاعت او مے کنند

حدیبیہ میں عروہ نے دیکھا اصحابہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اتنی زبردست تعظیم و اطاعت کرتے ہیں کہ حکم رسول کی تعمیل میں ایک دوسرے سے بڑھتے ہیں۔ گردنیں جھکی ہیں، نظریں اٹھا کر نہیں دیکھتے، بات آہستہ کرتے ہیں، وضو کا پانی تبرک کے طور پر ہاتھوں پر لیتے ہیں اور زمین پر گرنے نہیں دیتے واپس جا کر بیان کیا کہ ایسی تعظیم و اطاعت کسی کی کوئی نہیں کرتا جیسے صحابہ حضور کی کرتے ہیں۔

اس بیعت کو "بیعت الرضوان" کہا جاتا ہے۔ کیونکہ اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ

جن لوگوں نے یا رسول اللہ آپ کے ہاتھ پر بیعت کی، انہوں نے اللہ تعالیٰ سے بیعت کی۔ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔

جس کے نتیجہ میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ٥

تحقیق اللہ تعالیٰ راضی اور خوش ہوگیا ایمان والوں سے جب بیعت کرنے لگے تجھ سے اس درخت کے نیچے پھر بخوبی جانا (صدق واخلاص اور شوق شہادت، اور حسن نیت) ان کے دلوں میں تھا، پھر اُتارا ان پر اطمینان اور انعام دیا۔ ان کو ایک فتح، نزدیک!

انہی چودہ سو نورانی وفادار سرفروش جانبازوں کے حق میں آگے اسی سورہ میں فرمایا:-

فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ٥

پس اللہ تعالیٰ نے اُتارا اپنی طرف سے سکینہ (قلبی وروحانی سکون) اپنے رسول اور ایمان والوں پر اور انکو، تقویٰ کی بات پر قائم دائم کردیا۔ اور وہی تھے اس کے نہایت مستحق اور لائق۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز کی اہلیت کو بخوبی جانتا ہے

اور اسی سورہ میں ان حضرات کے حق میں فرمایا۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام، کفار کے مقابلہ میں سخت اور مضبوط اور باہم نرم ومہربان ہیں۔ اپنے رب کی

بَيْنَهُمْ تَرٰهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ

بارگاہ میں کثرت سے رکوع و سجود ان کا تو دیکھے گا جس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کا فضل اور رضامندی طلب کرتے رہتے ہیں. کثرت سجود کے اثر سے ان کے چہروں پر نشانی ہے. یہی ان کی صفت اور شان تورات و انجیل میں ہے۔

غرضیکہ سورہ فتح ان ہی صحابہ کرام کے دائمی تقویٰ و طہارت اور انکی صداقت و دیانت اور کمال ایمان و اخلاص اور اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کو واضح طور پر بیان کر رہی ہے۔

یہی تو اصحاب بیعۃ الرضوان کا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک کمال ایمان و تقویٰ اور دائمی قرب رضا کا حصول تھا کہ جس کے باعث بعد میں آنیوالے مسلمان اپنی مشکلات و مصائب میں اور کفار کے مقابلہ میں فتوحات حاصل کرنے کیلئے یہ کوشش کرتے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے اہل بدر یا اہل بیعۃ الرضوان کو تلاش کریں تاکہ ان کی دعا اور برکت اور کمال روحانی سے مشکل حل ہو کر فتح حاصل ہو۔

پارہ ۲۶ سورہ حجرات میں صحابہؓ کے حق میں فرمایا:۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ

پر اللہ تعالیٰ نے محبت ڈال دی تمہارے دل میں ایمان کی اور اس کو تمہارے دلوں میں بچتہ مزین کر دیا۔ اور انفرت کراہت

اَلْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ اُولٰٓئِکَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۔

ڈال دی تمہارے دلوں میں کفر اور گناہ و نافرمانی سے ایسے لوگ ہی ہیں نیک راہ پر ۔ !

سبحان اللہ ! کیا ہی صحابہ کرام کی شان ایمان ہے اور ان حضرات کو کس قدر کفر اور گناہ سے کراہت اور اللہ تعالیٰ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی سے کس قدر نفرت ہے ۔

پارہ ۲۸ سورہ حشر میں انصار و مہاجرین کی شان میں فرمایا ۔

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِیْنَ الَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّیَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِکَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِیْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ

فقراء و مہاجرین جو کہ اپنے گھروں اور مالوں سے نکالے گئے ، جو محض اللہ کا فضل اور رضا مندی ڈھونڈتے اور اللہ اور اس کے رسول مقبول کی مدد کرتے ہیں ۔ یہ ہی لوگ ہیں انتہائی سچے اور وہ لوگ جنہوں نے مہاجرین کے آنے سے پہلے مدینہ طیبہ میں گھر اور ایمان تیار کر رکھا ہے ۔ (یعنی انصار مدینہ) !

اَلَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بِغَیْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ یَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۔

وہ لوگ جنکو نکالا گیا ، ان کے گھروں سے ناحق ۔ اس وجہ سے کہ وہ کہتے ہیں ہمارا رب صرف اللہ تعالیٰ ہے ۔

پ ۱۰ سورۃ انفال :-

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْۤا اُولٰٓىٕكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ

جو لوگ ایمان لائے اور اپنا گھر بار چھوڑ کر راہِ خدا میں جہاد کئے اور جن لوگوں نے ان کو جگہ دی اور مدد کی۔ یہ سب ہی ہیں تحقیقی سچے، پکے ایماندار، ان کے لئے مغفرت الٰہی ہے اور عزت کی روزی ہے۔

پ ۱۱ ، سورۃ توبہ۔

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

سابقین اولین، مہاجرین و انصار اور ان کے نیکی میں پیروکار، سب سے اللہ تعالیٰ راضی ہوا۔ اور وہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہوئے، ان کیلئے جنات و بہشت تیار ہیں، جن میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

غرضیکہ قرآن مجید میں اس کے علاوہ بھی کئی مقامات میں انصار و مہاجرین کے قطعی بہشتی اور کامل الایمان اور تقویٰ و طہارت، قرب اور رضاء الٰہی کے حصول کی صراحت کی گئی۔ حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کے لوگوں کو دعوت دی ہے کہ اس قسم کا کامل، مکمل، پختہ و پسندیدہ ایمان لاؤ۔ جیسا کہ شاگردانِ رسول مقبول صحابہ کرام رضی اللہ عنہم لاچکے ہیں۔

پ ۱ سورۃ بقرہ

فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۔

اگر اہل کتاب اس طرح پر ایمان لاویں جس طرح تم مسلمان (صحابہؓ) ایمان لا چکے ہو تو یقیناً راہ ہدایت کو پا لیا ۔

پ ۱ سورۃ البقرہ :

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ الخ ۔

اور جب منافق و بے ایمان لوگوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ایمان لاؤ اسطرح کا جس طرح کہ دوسرے لوگ (صحابہ کرامؓ) ایمان لا چکے ہیں ۔

تو ایسی کامل الایمان اور پاکیزہ جماعت جن کی تعداد و کثرت یدخلون فی دین اللہ افواجا ، سے واضح ہے ۔ جن کو قطعی بہشتی اور دائمی رضاء الہی کا مستحق اور تقویٰ وطہارت کا اہل قرار دیا جن کے متعلق کفر وفسق اور ہر گناہ سے نفرت کراہت کی شہادت قرآن نے دی کیا ان کے متعلق خیال و گمان کیا جا سکتا ہے کہ ان حضرات کے سامنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی لخت جگر ، طیبہ طاہرہ مخدومۂ کائنات خاتون جنت رضی اللہ عنہا پر ظلم اور ان کا حق غصب کیا گیا اور وہ ساری کامل الایمان فوجیں ، انصار مہاجرین بنی ہاشم ، بنی عبد مناف اس ناجائز اور ناحق کارروائی پر خاموش اور دم بخود رہیں ۔ اگر بالفرض یہ اس طرح مانا جائے تو پھر اللہ تعالیٰ کی قرآن مجید میں ساری شہادتیں غلط اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تئیس سالہ تعلیم و تربیت اور تزکیہ و محنت رائیگاں و بے اثر ہو کر رہ جائیں

گی، اور جس دین و شریعت اور قرآن و نبوت کا ثبوت ایسی جماعت کے ذریعہ پہنچا ہو وہ دین و قرآن اور نبی کسطرح قابل اعتماد و حق ہو گا۔ العیاذ باللہ!

واقعہ فدک اور سیدہؓ پر ظلم کی کہانی جس کا تذکرہ نہ قرآن مجید میں آیا ہے۔ نہ فرمان رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم میں آیا ہے، اگر اس تاریخی واقعہ میں کوئی ایسی بات بالفرض ثابت ہو جس سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شاگردان رسول کی ساری جماعت کے ایمان اور دیانت و امانت اور نصوص قرآن اور احادیث نبویہ سے ثابت شدہ راستی صداقت و تقوی پر زد پڑتی ہو۔ تو ایسی تاریخی بات قرآن و حدیث، رسول مقبول کے مقابلہ میں ناقابل قبول یا قرآن و حدیث کے مطابق کسی تاویل و توجیہ کی مستحق ہو گی اصولی طور پر قرآن مجید اور حدیث رسول مقبول کے خلاف صرف کسی تاریخی واقعہ پر دین و مذہب اور عقیدہ و ایمان کی بنیاد رکھنا جہالت و ضلالت ہے۔

واقعہ فدک کے متعلق صحیح تشریح و توجیہ چھوڑ کر یہ سمجھنا کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ، خلیفہ اول نے ظلم اور ناحق کیا اور تمام مہاجر و انصار اور اہل ایمان کی فوجیں اس ظلم و کفر میں شریک ہو گئے بنی ہاشم اور نبی علیہ السلام کے عم محترم حضرت عباسؓ۔ اور اسد اللہ الغالب حیدر کرارؓ جیسے بہادر و غیور، تماشہ دیکھتے رہے۔ یہ قرآن و حدیث کا انکار اور خدا و رسول خدا کو جھٹلانا ہے تو اگر اس واقعہ کی صحیح حقیقت اور توجیہ و تشریح معلوم نہ ہو۔ تو قرآن و حدیث کے فیصلوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس واقعہ کو ہی صحیح نہ سمجھنا بہتر اور حسن عاقبت کا موجب ہو گا۔ اس اصولی تشریح کے بعد ہم واقعہ فدک کی حقیقت کو واضح کرتے ہیں۔ بتوفیق اللہ تعالیٰ۔ اڈیٹر۔

فدک!

مسئلہ فدک کو سمجھنے کے لئے امور ذیل کو ملحوظ و مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

(۱) فدک ایک گاؤں تھا۔ جو مدینہ طیبہ سے تین منزل پر تھا جسمیں چشمے اور کچھ کھجور کے درخت تھے۔

یہ ایک مسلّمہ حقیقت ہے کہ فدک بغیر لڑائی کے صلحاً قبضہ حضور علیہ السلام میں آیا تھا اور اموال فئی میں سے تھا۔ اہل سنت اور اہل تشیع بلکہ تمام مؤرخین مسلم و غیر مسلم کا اس بات میں کامل اتفاق و اتحاد اور کلمہ واحدہ ہے کہ فدک اموال فئی میں سے تھا۔ خود شیعہ حضرات کی کتاب شرح نہج البلاغہ مصنفہ سید علی نقی، فیض الاسلام کے ص ۹۵۹ پر ہے۔

اہل فدک نصف آن را بقولے تمام را بصلح و آشتی تسلیم نمودند۔

فدک کے لوگوں نے اس کا نصف اور ایک دوسرے قول میں ہے کہ تمام فدک صلح سے، بغیر جنگ کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سپرد کر دیا۔!

اور فئی قرآن شریف نے ایسے اموال کو قرار دیا ہے۔ جو بغیر جنگ کے صلح سے قبضہ میں آویں۔

(۲) اموال فئی فدک ہو یا غیر فدک، اس کے متعلق قرآن مجید میں صاف و صریح واضح الفاظ میں اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے۔ پ ۲۸ سورہ حشر۔

مَا اَفَاءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مِنْ اَھْلِ الْقُرٰی

جس قدر اموال فئی ہیں وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے

فَلِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسَاکِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ کَیْ لَا یَکُوْنَ دُوْلَۃً بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْکُمْ ۔ (الآیۃ)

اور ذی القربیٰ یعنی رشتہ داران نبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہیں۔ اور عام مسلمانوں میں سے یتیموں مسکینوں اور مسافروں کے لئے اور فقراء مہاجرین اور انصار مدینہ اور ان کے بعد آنے والے خیرخواہ حاجتمند، مسلمانوں کے لئے ہیں۔

تاکہ اموال فئ دولت مند بے حاجت لوگوں کے لینے دینے اور قبضہ میں نہ آجاویں جو کچھ اور جتنا کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تم حقدار مسلمانوں کو دیدیں لے لو۔ اور جو تم سے روک لیں اس سے تم رک جاؤ۔

اموال فئ کے متعلق یہ آیت بالکل محکم اور اپنے معنٰی میں نہایت واضح اور غیر مبہم ہے۔ اور اموال فئ کے مستحق لوگوں کو بخوبی عیاں ونمایاں کرکے بیان کردیتی ہے۔ جو کہ نہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے مخفی تھی۔ اور نہ صدیق وفاروق سے پوشیدہ تھی اور نہ سیدہؓ وعلیؓ یا کسی دوسرے مسلمان سے کسی حجاب ونقاب میں مضمر ومستتر تھی۔

اور فئ کے متعلق شیعہ حضرات کی کتاب تفسیر صافی صفحہ ۱۲۰ پر ہے کہ امام جعفر صادقؒ نے انفال وفئ کے متعلق فرمایا:۔

ھی للّٰہ وللرسول علیہ السلام وللمن

فئ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حق ہے۔ اور اس کا حق ہے

قائم مقام ہوئے	جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان کا
بعدہ - ؟	قائمقام خلیفہ بنے - ؟

اس سے ثابت ہوا کہ فئی کسی کی شخصی ملکیت اور وراثت نہیں -

(۳)، یہ امر بھی فریقین کی معتبر کتابوں سے ثابت و محقق ہے - جیسا کہ عنقریب ناظرین کی خدمت میں واضح کر دیا جائیگا (انشاء اللہ تعالیٰ) کہ اموال فئی فدک وغیرہ کے متعلق جو عمل اور طریقہ جناب رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے عہد مبارک اور حیات طیبہ میں مقرر اور جاری فرمایا تھا - تمام خلفائے راشدین رض کی خلافت راشدہ حتی کہ حضرت علی رض اور حضرت حسن کی خلافت راشدہ کے دور تک اس میں کسی قسم کا تغیر و تبدل واقع نہ ہوا - اور عمل رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور عمل صدیق و فاروق اور عثمان غنی اور علی المرتضےٰ و حسن المجتبےٰ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین - یکساں طور پر واحد و متحد رہا - ذرہ بھر فرق اور سر مو تفاوت اس مدت میں ایک لحظہ کے لئے بھی واقع نہیں ہوا یعنی قرآن مجید میں مذکورہ بالا بیان کردہ حکم و ہدایت کے موافق جسطرح خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل فرمایا بعینہٖ وہی عمل بوں کا توں تمام خلفائے راشدین نے جاری رکھا - ہاں مروان وغیرہ نے اپنی حکومت کے دور میں قطع و برید کی تو جناب عمر ابن عبدالعزیز نے اپنی خلافت کے زمانہ میں پھر وہی عمل مطابق بحکم قرآن اور مطابق عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و خلفائے راشدین از سر نو جاری فرمایا -

اگر نعوذ باللہ صدیق رض و فاروق رض وغیرہ کا یہ عمل ظالمانہ، غاصبانہ یا مرتدانہ و منافقانہ کہا جائے، تو ان مہذب خطابات اور ایسے شائستہ،

و مقدس کلمات سے اسی عمل کو جاری او شروع فرمانے والے (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم) اور باقی اور قائم و دائم رکھنے والے (حضرت علیؓ و حضرت حسنؓ) کس طرح مستثنے اور میرا ہوں گے۔ (العیاذ باللہ)

بلکہ یہ امر بھی ثابت ہے کہ اموال فئی میں سے اراضی و باغات بنی نضیر وغیرہ حضرت عمر فاروق رضؓ نے حضرت علی رضؓ اور حضرت عباسؓ کی تولیت میں دیدیئے تھے۔ کہ وہ انکی پیداوار اور آمدنی کے ہر قسم کے منتظم و متولی رہیں۔ چنانچہ یہ دونوں حضرات۔ حضرت عمر رضؓ کی خلافت میں ان اموال فئی کو عمل رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق تمام مستحقین مذکورہ میں تقسیم کرتے تھے۔

(۴) نیز یہ امر بھی فریقین کی معتبر مستند مسلمہ کتابوں میں ثابت ہے کہ صدیق اکبر رضؓ نے سیدہ رضؓ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں جب تک زندہ ہوں ان اموال فئی فدک وغیرہ میں عمل رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی جاری رکھوں گا ان میں کسی کو کسی قسم کا تغیر و تبدل اور کوئی دوسرا طریقہ جاری نہ کرنے دوں گا ہاں میرے ذاتی مال اموال میں سے آپ کو اختیار ہے، جو چاہیں لے لیں۔ سب کچھ آپ پر قربان ہے۔

چنانچہ شیعہ کی معتبر کتاب حق الیقین کے صفحہ ۲۳۱ پر ثابت ہے کہ حضرت ابوبکر رضؓ نے بہت سے فضائل و مناقب جناب سیدہ رضؓ کے بیان کئے اور کہا۔

اموال و احوال خود را از تو مضائقہ ندارم آنچہ خواہی بگیر۔ تو سیدۂ امت پدر خودی و شجرۂ طیبہ از برائے	میں اپنا مال جائیداد دینے میں تم سے دریغ نہیں رکھتا۔ جو کچھ مرضی چاہیے لے لیجئے آپ اپنے باپ کی امت

فرزندان خود انکار فضل تو کسے نمے تواند کرد حکم تو نافذ است در مال من ۔ اما در اموال مسلماناں مخالفت گفتۂ پدر تو نمے توانم کرد

کی سیّدہ ہیں اور اپنے فرزندوں کے لئے پاکیزہ اصل اور شجرۂ طیبہ ہیں۔ آپ کے فضائل کا کوئی انکار نہیں کرتا آپ کا حکم میرے ذاتی مال میں بلاچوں وچرا اجاری ومنظور ہے۔ لیکن عام مسلمانوں کے مال میں آپ کے والد بزرگوار صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت ہرگز نہیں کر سکتا۔

⁂ ⁂ ⁂

⁂ ⁂ ⁂

اسی قسم کے الفاظ بخاری شریف میں ہیں۔ صدیق اکبرؓ نے سیّدہ کی خدمت میں عرض کیا۔

قرابة رسول اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلّمَ احب الی من قرابتی ـــ !

جناب رسول اللہؐ صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار مجھے اپنے رشتہ داروں سے زیادہ محبوب ہیں۔

نیز بخاری شریف میں ہے کہ سیّدہؓ کی خدمت میں عرض کیا۔

لست تارکًا شیئًا کانَ رسول اللہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یعمل بہٖ الا انی عملت بہٖ فانی اخشی

میں کوئی ایسی چیز نہیں چھوڑ سکتا جس پر جناب رسول اللہؐ صلی اللہ علیہ وسلم عمل کرتے تھے۔ میں ضرور وہی عمل جاری رکھوں گا۔ کیونکہ

ان ترکت شیئاً من امرہ ان ازیغ۔ ! | میں ڈرتا ہوں، اگر کوئی چیز آپ کے عمل سے چھوڑ دوں تو گمراہ ہو جاؤں گا

یعنی سیدہ رض کی خدمت اپنے مال اموال پیش کرنے سے دریغ نہ کیا مگر فدک وغیرہ اموال فئے میں حکم و رضاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کچھ کرنے کو گمراہی سمجھا۔

(۵) مسئلہ فدک میں یہ امر سب سے زیادہ قابل غور ہے کہ فدک کی محرومی کی وجہ سے جناب صدیق اکبر رض پر سیدہ رض کی ناراضگی کی کہانی اہل السنت والجماعت کی کسی معتبر کتاب میں جناب سیدۃ النساء بی بی فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی زبانی ثابت نہیں کی جا سکتی۔ یہ کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ سیدہ رض نے خود فرمایا ہے کہ ابوبکر صدیق رض نے میرا حق غصب کر لیا ہے اور مجھ پر ظلم کیا ہے میں اس سے ناراض ہوں اس سے کبھی بات چیت نہ کروں گی ہمارا دعویٰ ہے کہ قیامت تک کوئی شخص اہل سنت کی معتبر کتابوں سے اس قسم کا ثبوت پیش نہیں کر سکتا ناراضگی جو فعل قلب ہے جب تک خود ظاہر نہ کی جائے دوسرے کو اس کا علم نہیں ہو سکتا ہاں اندازے اور قیاس سے بوجہ بعض قرائن وحالات کے دوسرا شخص بیان کرے گا۔ مگر بالفرض اگر وہ دوسرا شخص معصوم بھی ہو اندازے اور قیاس سے کسی شخص کے متعلق کوئی رائے ظاہر کرے تو اس رائے و قیاس میں غلط فہمی کا احتمال ہو سکتا ہے جیسے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کے واقعہ میں موسیٰ علیہ السلام معصوم نبی نے کشتی توڑنے کے وقت رائے ظاہر کی، تو نے کشتی کو

اس لئے توڑا تاکہ کشتی والوں کو غرق کرے، حالانکہ حضرت خضر علیہ السلام نے یہ کام دوسری غرض کے لئے کیا تھا تو دوسرے شخص کے متعلق کوئی رائے یہ ضروری نہیں کہ وہ صحیح ہو۔ تو سیدہ رضؓ اور صدیق رضؓ کے متعلق کسی دوسرے شخص کا یہ خیال کہ باہم ناراض تھے۔ اگرچہ وہ شخص بالفرض معصوم بھی ہو۔ یقیناً اس وقت تک صحیح نہیں ہو سکتا جب تک سیدہ رضؓ خود بنفس نفیس اپنی زبانی ناراضگی کا اظہار نہ فرمائیں۔ اور یہ بات قطعاً کسی معتبر کتاب اہل سنت سے ثابت نہیں ہو سکتی۔

مگر اس کے برعکس شیعہ کی معتبر ترین کتابوں میں سیدہ رضؓ کی زبانی جناب علی المرتضےٰ رضؓ پر اسی فدک کی وجہ سے سخت ناراضگی ثابت ہے، جس کا ازالہ حضرت علی رضؓ نے اپنی خلافت میں بھی نہ کیا۔ بلکہ فدک کو جناب رسول کریم علیہ السلام اور صدیق و فاروق و غنی رضی اللہ عنہم اجمعین والے طریقہ پر باقی رکھا اور سابقہ خلفائے راشدین کے طرز عمل میں کسی تغیر کو جائز نہ سمجھا جناب علی المرتضےٰ رضؓ جن پر سیدہ رضؓ کی ناراضگی شیعہ کے نزدیک یقینی ثابت ہے کہ انکو سیدہ رضؓ نے خود ناراضگی کے سخت الفاظ فرمائے انکو امام معصوم اور خلیفہ برحق سمجھنا۔ اور۔ ابوبکر صدیق جن پر سیدہ رضؓ کی ناراضگی کا کوئی یقینی ثبوت نہیں۔ ان کو ظالم، غاصب سمجھنا کس انصاف اور کس دیانت پر مبنی ہے؟

(۶) مسئلہ فدک کو سمجھنے کیلئے یہ حقیقت بھی خوب ملحوظ اور ذہن نشین رہنی چاہیے کہ شیعہ حضرات کے نزدیک سیدہ رضؓ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حیطان سبعہ (سات باغوں) پر قابض اور متصرف تھیں۔ اور حضرت علی رضؓ

کے املاک، اراضی و باغات اس کے علاوہ تھے۔ ان سات باغوں کی وراثت حسب روایت شیعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی چچا حضرت عباسؓ نے جناب سیدہؓ سے طلب کی تو حضرت علیؓ اور سیدہؓ نے یہی جواب دیا کہ ان میں وراثت نہیں ہو سکتی اور ان سات باغوں میں سے ایک حبہ بھی حضرت عباس کو نہ دیا۔

چنانچہ فروع کافی جلد ثالث ص۲۷ پر ہے۔

عن احمد ابن محمد عن ابی الحسن الثانی علیہ السلام قال سألتہ عن الحیطان السبعۃ التی کانت میراث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لفاطمۃ علیہا السلام فقال لا۔ انما کانت وقفا۔ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاخذ الیہ منھا ما ینفق علی اضیافہ۔ فلما قبض جاء العباس یخاصم فاطمۃ فیھا۔ فشھد علی علیہ السلام

احمد ابن محمد نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے روایت کی کہ میں نے امام موسیٰ کاظم سے ان سات باغوں کے متعلق دریافت کیا جو فاطمہ علیہا السلام کے پاس جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث تھے۔ تو امام صاحب نے فرمایا میراث نہ تھے بلکہ وقف تھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے آتنا لے لیتے تھے جو کہ مہمانوں کو کافی ہوتا تھا۔ پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحلت فرما گئے۔ تو حضرت عباسؓ نے ان سات باغوں کی بابت جناب فاطمہؓ سے جھگڑا کیا پھر حضرت علیؓ وغیرہ

وغیرہ انما وقف علی فاطمۃ علیہا السلام وھی الدلال والعفاف والحسنیٰ والصافیہ ومالام ابراھیم والمبیث والبرقہ۔!

نے شہادت دی وہ وقف ہیں حضرت فاطمہ پر۔ اور وہ سات باغ۔ دلال، عفاف، حسنیٰ، صافیہ، مالام ابراہیم، مبیت اور برقہ تھے۔!

اب قابل غور امر یہ ہے کہ جناب سیدہ کے پاس یہ سات باغ بھی تھے اور حضرت علیؓ کی اراضی اور باغات بھی علاوہ تھے تو فدک کے اموال فئے کے متعلق اس قسم کا نظریہ کہ یہ اموال فدک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی کو دے دیئے تھے ـــــ شان نبوت پر سخت حملہ ہے جبکہ کتب شیعہ کے بیان کے مطابق فدک کی پیداوار ہزاروں دینار تھی جیسے کہ ملا باقر مجلسی حیات القلوب میں نقل کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل فدک سے معاہدہ کرلیا کہ وہ ہر سال چوبیس ہزار دینار دیں ـــ تو اس قسم کا نظریہ خلاف قرآن اور شان نبوت کے منافی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، سات باغ بھی سیدہؓ کو دے جادیں اور ہزاروں دینار جو لاکھوں روپے ہوتے ہیں کی آمدنی کے اموال فیٔ فدک بھی سیدہؓ کو دے جاویں۔ یہ تو کیلا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم کی نص صریح کے خلاف رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایک خود غرضانہ خویش پروری اور اقربا نوازی کا بدترین الزام منسوب کرنا ہے (العیاذ باللہ) اور آپ کی شان رحمۃ للعالمینی پر سخت بے انصافی اور بے رحمی کا دھبہ ہے حالانکہ اصحاب صفہ و دیگر فقراء مہاجرین و انصار کے پاس بدن ڈھانپنے کے

لئے کپڑا اور پیٹ پالنے کے لئے نان جویں میسر نہ تھی اور جہاد فی سبیل اللہ کے ضروریات اور مصارف میں اس قدر تنگی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری غزوہ تبوک جو جیش العسرۃ اور سخت تنگی کی گھڑی سے مشہور ہے۔ اس غزوہ میں، مجاہدوں ایک ایک دانہ کھجور کا ملتا رہا اور جب وہ ختم ہونے کو آگیا تو چند مجاہدوں کو ایک دانہ دیا جاتا تھا جسے وہ باری باری سے چوس کر پانی پی لیا کرتے تھے اور قرآن مجید میں اس غزوہ کی سواریوں کا نقشہ ان الفاظ میں پیش کرتا ہے:۔

ولا علی الذین اذا ما اتوک لتحملھم قلت لا اجد ما احملکم علیہ تولوا واعینھم تفیض من الدمع حزنا ان لا یجدوا ما ینفقون ٥

اور ان صحابہ کرام پر کوئی گناہ نہیں جو آپ کی خدمت میں آ کر عرض کرتے ہیں کہ ہمارے جہاد میں جانے کیلئے سامان اور سواری کا انتظام فرمائیے آپ ان کو جواب دیتے ہیں کہ مجھے کہیں سے تمہارے لئے سواریاں نہیں مل سکتیں تو وہ بیچارے ایسی حالت میں واپس لوٹتے ہیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کی بارش ٹپک رہی ہوتی ہے اس غم والم میں کہ انکو جہاد فی سبیل اللہ میں جانے کے لئے کچھ خرچ حاصل نہیں ہو سکتا۔

تو کیا العیاذ باللہ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام فقراء مساکین یتامیٰ انصار و مہاجرین کے حقوق اور ضروریات اسلامی کو پس پشت ڈال کر خلاف حکم قرآن اتنا تمام مال اپنی بیٹی کی ملکیت میں دیدیا تھا حالانکہ خود شیعہ کی کتابوں اور اہلسنت کی کتابوں میں ثابت ہے کہ سیدہؓ نے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے خانگی کاروبار

میں امداد کے لئے لونڈی مانگی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ الحمد للہ اللہ اکبر کی تسبیحات نماز کے بعد تینتیس ۳۳ بار پڑھنے کی تعلیم فرمادی اور فرمایا کہ خادموں نوکروں سے ان تسبیحات کا پڑھ لینا بدرجہا بہتر اور کار آمد ہے اور جب سیدہؓ نے فدک کے متعلق سوال کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف انکار کر دیا اور اپنی زندگی میں اسلامی ضروریات اور بنو ہاشم اور یتیموں مسکینوں اور بیوگان کی ضرورت میں صرف کرتے رہے مگر سیدہؓ کو نہ دیا۔ جیسا کہ مشکوٰۃ شریف، ابو داؤد شریف میں مرقوم ہے اور اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرمایا۔

يا ايها النبي قل لازواجك ان كنتن تردن الحيوٰة الدنيا وزينتها فتعالين امتعكن واسرحكن سراحًا جميلًا ۝ وان كنتن تردن الله ورسوله والدار الآخرة فان الله اعد للمحسنات منكن اجرًا عظيمًا ۝

اے نبی علیہ السلام اپنی ازواج کو فرما دیجئے، اگر تم دنیا کی زندگی اور اسکی زیب و زینت چاہتی ہو تو پس آؤ ہم تمکو یہ سامان دنیا دیکر اپنے سے اچھے طریقہ پر دور اور جدا کر دیں اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور دار آخرت کی طلبگار ہو تو اللہ تعالیٰ نے تم میں سے نیک کام کرنے والیوں کیلئے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔۔

اور آگے فرمایا۔

انما يريد الله ليذهب

اللہ تعالیٰ کا یہی ارادہ ہے کہ تم

عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا ہ	اہل بیت نبوی کو حب دنیا کی میل سے پاک صاف کر کے اللہ اور رسول ؐ اور عترت کی محبت کے پاک مقام اور عالی مرتبہ پر فائز کر دے

تو کیا رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات کے لئے جس مبغوض چیز سامان دنیا کو ناپسند فرما رہے ہیں۔ اس مبغوض و مذموم سامان دنیا کو اپنی لخت جگر سیدہ کیلئے پسند کیا اور تمام مستحق لوگوں کو محروم کر کے العیاذ باللہ اتنا کثیر مال سیدہ کو دے دیا اور جس دنیا سے پاکی و تطہیر کی بجائے جاگیرداری اور دنیاداری میں ملوث اور مبتلا کر گئے۔

تو آیات قرآنیہ اور طریقہ نبویہ اس بات پر صراحۃً دلالت کرتے ہیں کہ جن حضرات نے ہبہ فدک کی یہ کہانی گھڑی ہوتی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فدک سیدہ رضؓ کو ہبہ کر دیا تھا۔ یہ بالکل باطل اور موضوع اور شان نبوت کے خلاف ہے اور ہبہ کی کہانی کو شیعہ حضرات کا دوسرا دعوی بھی رد کر دیتا ہے کہ سیدہ رضؓ نے فدک کے بارے میں صدیق اکبر رضؓ سے میراث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالبہ کیا۔

تو بالفرض اگر فدک کا ہبہ ہو چکا تھا تو اس میں پھر میراث کا سوال کیسے پیدا ہو سکتا ہے۔ جبکہ ایک چیز مورث کی ملکیت بھی نہیں رہی پھر اس میں دعوی میراث کیسے ہو سکتا ہے تو حسب قول شیعہ سیدہ رضؓ کا دعوی کرنا بھی ہبہ کی کہانی کو بالکل لغو اور باطل قرار دیتا ہے۔

میراث انبیاء علیہم السلام:

اب میراث کے دعوے کی حقیقت بھی سمجھ لیجئے جب سیدہ رضؓ اور علی رضؓ تو حضرت عباس رضؓ کو ان مذکورہ سات باغوں کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ میراث رسول علیہ السلام نہیں۔ یہ تو وقف رسولؐ ہیں۔ ان میں میراث نہیں۔ تو فدک جس کو قرآن مجید نے صراحۃً وقف و فیٔ قرار دیا۔ اس میں کیسے وراثت کا سوال جائز ہو سکتا ہے۔ جس طرح ان سات باغوں اور اموال فیٔ فدک وغیرہ میں وراثت کا سوال غلط ہے۔ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اموال میں وراثت کا سوال باطل اور غلط ہے۔ اگرچہ اہل سنت اور اہل تشیع کی معتبر روایات واحادیث متفق اور متحد ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کی مالی وراثت ہرگز نہیں ہوتی بلکہ صرف علوم و اخلاق نبوت ہی ہیں جو ان مقدس بزرگوں کی وراثت ہوتی ہے۔

دلیل اوّل

(۱) حضرت امام جعفر صادقؒ نے فرمایا:۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان العلماء ورثۃ الانبیاء ان الانبیاء لم یورثوا دینارا ولا درہما	ارشاد فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ انبیاء کے وارث علماء ہی ہیں۔ کیونکہ انبیاء دینار و درہم (مال دنیا) کا کسی کو وارث نہیں بناتے

ولکن اُولثوا العلم فمن اخذ منه اخذ بحظ وافر۔ (شیعہ کی معتبر کتاب اصول کافی ص۱۸)

لیکن علم وراثت میں دیتے ہیں پس جس نے ان کے علم سے حصہ لیا اس نے اچھا حصہ پالیا

دلیل دوم

(۲) حضرت علی المرتضیٰ اسد اللہ شیر خدا نے اپنے بیٹے محمد بن حنفیہ کو وصیت فرمائی۔

وتفقه فی الدین فان الفقهاء ورثة الانبیاء ان الانبیاء لم یورثوا دینارًا ولا درهمًا ولکنهم ورثوا العلم فمن اخذ منه اخذ بحظ وافر۔!

(شیعہ کی معتبر کتاب من لا یحضرہ الفقیہ جلد دوم ص ۳۴۶)

اے بیٹے دین کا پورا کامل علم حاصل کر۔ کیونکہ دین کو پوری طرح سمجھنے والے عالم انبیاء کے وارث ہیں۔ کیونکہ انبیاؑ نے دینار و درہم (دنیاوی اموال) کا وارث کسی کو نہیں بنایا وہ تو صرف علم کی وراثت دے جاتے ہیں تو جس نے اس علم دین کو حاصل کیا اس نے اچھا حصہ پالیا

دلیل سوم

(۳) امام جعفر صادق رضؓ نے فرمایا۔

ان العلماء ورثة الانبیاء وذاك ان الانبیاء لم یورثوا درهما ولا دینارًا

بیشک علماء ہی انبیاء کے وارث ہیں اور یہ اس لئے کہ انبیاء اپنی وراثت درہم و دینار نہیں چھوڑتے بلکہ وہ

وانما اورثوا احادیث من احادیثھم فمن اخذ بشیٔ منہا فقد اخذ حظًا وافرًا

(اصول کافی ص۱۷)

احادیث (علوم واحکام شریعت الٰہی) اپنی وراثت چھوڑ جاتے ہیں۔ پس جس شخص نے احادیث وعلوم نبوت سے کچھ حصہ لیا تو اس نے بڑا کافی وافی حصہ لیا۔

تو ان تینوں روایات نے ثابت کر دیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب علی المرتضےٰ اور جناب امام جعفر صادقؒ نے صاف طور پر فرما دیا کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی وراثت مال، درہم ودینار اموال دنیا ہرگز نہیں ہوتی۔ بلکہ ان کی وراثت صرف علوم احادیث واخلاق نبوت ہوتی ہے جسطرح کہ تیسری روایت میں لفظ انّما جو حصر کے لئے ہوتا ہے دلالت کر رہا ہے

دلیل چہارم

(۵) حضرت امام جعفر صادقؒ نے فرمایا:۔

ورث سلیمان داؤد وورث محمد صلی اللہ علیہ وسلم سلیمان۔

(اصول کافی ص۱۳۷)

حضرت سلیمان علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام کے وارث ہوئے اور جناب محمد علیہ السلام حضرت سلیمان علیہ السلام کے وارث ہوئے۔

تو حضرت امام جعفر صادقؒ کے اس ارشاد پر غور کیجئے کیا جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سلیمان علیہ السلام کے قریبی، جدی رشتہ دار ہونے کے باعث ان کے مال اموال کے وارث ہوئے یا ہو سکتے تھے۔ تو امام صاحب کا مقصد یہاں

بھی یہی وراثت نبوت وعلوم واخلاق نبوت ہے۔ یعنی انبیاء علیہم السلام کی وراثت علمی دینی، اور اخلاقی روحانی ہی ہوتی ہے نہ کہ مالی ودنیاوی۔؟

دلیل پنجم

(۵) شیعہ کی معتبر کتاب خصال ابن بابویہ ص۳۹ پر ثابت ہے۔

اتت فاطمۃ بنت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی شکواہ الذی توفی فیہ فقالت یارسول اللّٰہ ھذان ابنان فورثھما شیئاً قال اما الحسن فان لہ ھیبتی واما الحسین فان لہ جرأتی۔

جناب سیدہؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مرض الموت میں آئیں اور عرض کیا۔ یہ دونوں بچے ہیں، انکو کچھ میراث دے دیجئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حسنؓ کے لئے میری ہیبت اور حسینؓ کے لئے میری جرأت ہے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد پر غور کیجیے کہ آپ نے اپنی وراثت میں اپنے ان دونوں عزیزوں کو اپنے اخلاق ہی عطا کئے اور مالی وراثت کا نام و نشاں بھی نہ لیا۔ نیز شیعہ کی معتبر کتاب "مناقب فاخرہ للعترۃ الطاھرۃ" ص۱۸۹ پر بھی یہ روایت ثابت ہے اور شرح نہج البلاغۃ حدیدی جلد دوم جز شانزدہم ص۲۶۱ پر بھی یہ روایت موجود ہے۔

دلیل ششم

(۶) عن الفضیل بن یسار قال

فضیل ابن یسار نے نقل کیا کہ میں نے حضرت امام محمد باقر سے سنا۔ وہ فرماتے

سمعت اباجعفر علیہ السلام یقول لا واللہ ما ورث رسول اللہ العباس ولا علی ولا ورثتہ الا فاطمۃ علیہا السلام

(من لایحضرہ الفقیہ ج ۲ ص ۲۱۷)

تھے اللہ کی قسم کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباسؓ اور چچازاد بھائی حضرت علیؓ اور دوسرے تمام رشتہ دار آپ کے وارث نہ ہوئے۔ آپ کی وارث صرف اکیلی حضرت فاطمہؑ ہی ہوئی تھیں۔

من لایحضرہ الفقیہ کی اس روایتِ معتبرہ پر غور کیجئے کہ امام محمد باقر فرماتے ہیں کہ آنحضرتؐ کی وراثت نہ حضرت عباسؓ کو ملی اور نہ کسی دوسرے وارث و رشتہ دار، ازواج مطہرات وغیرہ کو سوائے بی بی فاطمہ علیہ السلام کے کوئی حقدار وراثت نہ تھا۔

تو اب غور کیجئے قرآن کریم میں جو وراثت مالی کا قانون اور حکم منصوص بیان فرمایا گیا ہے کہ وراثت مالی لڑکی کو نصف اور ازواج کو آٹھواں حصہ دیا جائے۔ پس اگر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی یہی مالی وراثت بموجب حکم قرآن ہوتی۔ تو پھر، شیعہ حضرات کے نزدیک امام صاحب کیوں یہ ارشاد فرماتے کہ حضور علیہ السلام کے تمام رشتہ دار اور حقدار آپ کے وارث نہ ہوئے بلکہ صرف اکیلی جناب فاطمہ علیہا السلام مالک و وارث ہوئی تھیں۔ یہ تمام مذکورہ روایات صراحۃً دلالت کرتی ہیں کہ ائمہ کے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مالی وراثت اس طرح ہر گز نہ تھی جس طرح کہ عام مسلمانوں کی مالی وراثت ان کے ورثاء اور رشتہ داروں میں، بموجب حکم قرآن تقسیم ہوتی ہے۔ بلکہ حضور علیہ السلام اس مالی وراثت کے حکم سے خارج اور مستثنٰے ہیں۔

اور اہل السنۃ والجماعت بھی تو یہی کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کے ارشاد

نحن معاشر الانبیاء لا نورث ما ترکنا فھو صدقۃ

ہم انبیاء مالی وراثت نہیں چھوڑ جاتے بلکہ جو مال چھوڑ جاتے ہیں وہ وقف وصدقہ فی سبیل اللہ ہوتا ہے۔

کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مالی وراثت نہ تھی اور آپ اس مالی وراثت کے حکم سے خارج و مستثنےٰ ہیں۔

سیدہؓ کے سوال کی کیفیت

عام طور پر شیعہ حضرات اور ان کے ذاکرین و مجتہدین بڑی شدت سے یہ دعویٰ کیا کرتے ہیں کہ اہل سنت کی بخاری شریف میں ثابت کہ سیدہؓ ابوبکر صدیقؓ کے دربار خلافت میں گئیں۔ اور وراثت رسول علیہ السلام کا سوال کیا مگر ابوبکر صدیقؓ نے حدیث رسول سنا کر سیدہؓ کو خالی ہاتھ واپس کیا جس سے وہ ناراض ہو گئیں۔

اور بعض اہل سنت والجماعت بھی اپنے مطالعہ کی کمی اور بخاری شریف وغیرہ کتب احادیث کو پوری طرح نہ دیکھنے کے باعث یہی خیال کرتے ہیں کہ سیدہؓ نے جا کر جناب ابوبکر صدیق رضؓ سے وراثت کا سوال کیا۔

مگر یہ خیال بالکل غلط ہے۔ بخاری شریف اور مسلم شریف وغیرہ کی تحقیق سے جو کچھ ثابت ہے۔ وہ یہ ہے کہ سیدہؓ بالکل جناب ابوبکر صدیقؓ کے پاس دربار خلافت میں اس سوال کے لئے نہیں گئیں۔ بلکہ سیدہؓ نے اپنا آدمی بھیجا۔

جس نے جاکر جناب ابوبکر صدیق رضؓ سے یہ سوال کیا دیکھیے بخاری شریف جلد اول، صفحہ ۵۲۶ پر ثابت ہے۔

عن عائشۃ رضؓ ان فاطمۃ ارسلت الی ابی بکرٍ تسئلہ میراثھا من النبی صلی اللہ علیہ وسلم مما افاء اللہ

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ سے روایت ہے کہ جناب فاطمہ رضؓ نے حضرت ابوبکر صدیق کے پاس آدمی بھیج کر اموال فئی میں میراث کا سوال کیا۔ الخ۔

تو بخاری شریف کے الفاظ ارسلت فاطمۃ، الخ صراحۃً دلالت کرتے ہیں کہ خود سیدہ رضؓ نہیں گئیں بلکہ کسی قاصد کو بھیج کر سوال کیا۔ تو جس روایت میں سیدہ کے سوال کرنے اور جانے کا ذکر ہے وہ مجازی طور پر ہے۔ کیونکہ واقعہ واحد ہے۔ یعنی جو کام کسی کے حکم سے کیا جاتا ہے اس کام کو اس حکم کرنیوالے کی طرف منسوب کر دیا جاتا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے کہ بادشاہ نے نہر نکالی ہے یا سڑک بنائی ہے۔ تو خود بادشاہ نہ تو نہر نکالتا ہے اور نہ سڑک بناتا ہے۔ بلکہ مزدور و مستری یہ کام کرتے ہیں۔ بادشاہ کے حکم کی وجہ سے وہ کام اس کی طرف منسوب ہوتا ہے اس لئے یہاں بھی سوال کرنے یا آنے کا جو ذکر سیدہ کے متعلق ہے وہ بطور مجاز اور حکم دینے اور آدمی بھیجنے کے ہے

سیدہ کے سوال کی حقیقت و حکمت

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مالی وراثت نہ تھی اور جبکہ صراحۃً قرآن مجید اموا

فی کے متعلق حکم دے رہا ہے کہ اللہ و رسول اور ذوالقربیٰ اور یتامیٰ و مساکین اور ابن سبیل اور فقراء مہاجرین و انصار وغیرہ کیلئے ہیں۔ کسی کے قبضہ میں اس طرح نہ دیئے جائیں، کہ یہ مال دولتمند و بے حاجت لوگوں کے قبضہ اور تصرف اور لینے دینے میں آجاویں

تو سیدہ کے وراثت کے سوال کا مقصد کیا تھا۔؟ تو اس کا جواب یہ ہے جو زبدۃ المحققین، عمدۃ المتاخرین حضرت علامہ سید محمد انور شاہ صاحب مرحوم نے عرف شذی شرح ترمذی صفحہ ۲۸۵ پر سیدسمہودی کا قول نقل کیا ہے: کہ

"حضرت فاطمہ رض کا سوال ترکہ کے حصول ملکیت یعنی مالک بننے کے خیال اور ارادہ سے نہ تھا۔ بلکہ صرف ان اموال فئی اور وقف اموال میں بطور قرابت و رشتہ داری متولی بننے کے متعلق تھا۔" جس کے جواب میں صدیق اکبرؓ نے حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم سنادی جو کہ حضرت علیؓ اور حضرت عباسؓ، حضرت عبدالرحمن بن عوف وغیرہ کبار صحابہؓ بہت سے حضرات جانتے تھے کہ نبی علیہ السلام کے اموال متروکہ میں کسی قسم کی وراثت نہیں چل سکتی۔ نہ مالکانہ، نہ متولیانہ۔ بس اس حقیقت کے بعد پھر کبھی سیدہؓ کو صدیقؓ سے اس سوال کی نوبت نہیں آئی۔ جبکہ صدیق اکبرؓ نے کہا۔

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لانورث ما ترکنا فھو صدقۃ۔ انما یاکل آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم من ھذا

تحقیق جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہماری مالی وراثت نہیں ہوتی جو کچھ ہم چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ و وقف ہوتا ہے تو اس مال سے آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نان نفقہ خرچ ہوتا رہیگا،

المال...... وانی واللہ لا اغیر شیئاً من صدقات النبی صلی اللہ علیہ وسلم التی کانت علیہا فی عہد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا عملن فیہا بما عمل فیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(بخاری شریف جلد اول ص ۵۲۶)

......اور تحقیق میں خدا کی قسم کر کے کہتا ہوں کوئی معمولی سی معمولی چیز بھی صدقات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں تبدیل نہ کروں گا۔ وہ صدقات جسطرح کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں تھے۔ جوں کے توں اسی طرح رکھوں گا اور ضرور بالضرور ان صدقات میں بعینہٖ وہی عمل اور دستور جاری رکھوں گا۔ جو خود حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل تھا۔

یعنی صدیق اکبرؓ نے سیدہ کی خدمت میں یہی کہلا بھیجا کہ میں عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جاری رکھوں گا اور اس مال سے آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خرچ خوراک ہوتا رہے گا۔ تو سیدہؓ صدیقؓ کے اس جواب سے مطمئن ہو گئیں۔ کہ صدیق اکبرؓ عمل نبوی میں کسی قسم کے ردوبدل کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔

خود شیعہ حضرات کی معتبر کتابوں میں بھی ثابت ہے کہ سیدہؓ، صدیقؓ کے اسی جواب پر مطمئن اور خوش ہو گئیں۔ اور ان اموال فے فدک وغیرہ سے اپنے تمام اخراجات نان و نفقہ صدیقؓ سے وصول کرتی رہیں۔ صدیقؓ نے سیدہؓ کی خدمت میں عرض کیا۔

لک علی اللہ ان اصنع

میں تیرے سامنے اللہ تعالیٰ کا عہد کر کے

بها كما كان يصنع فرضيت بذلك واخذت العهد عليه به وكان ياخذ غلتها فيدفع اليهم منها ما يكفيهم الخ.

(شیعہ کی معتبر کتاب شرح نہج البلاغۃ درۃ نجفیۃ ص۳۳۲)

کہتا ہوں کہ میں ان اموال فئ فدک وغیرہ میں اسی طرح کروں گا۔ جس طرح آنحضرت علیہ السلام کرتے تھے پس سیدہؓ اس بات پر راضی اور خوش ہو گئیں اور صدیق اکبرؓ سے یہی عہد لے لیا۔ اور صدیق اکبرؓ ان اموال فئ کی پیداوار وصول کر کے حضرت سیدہ اور ان کے گھر کے لیئے ان کا تمام خرچ کافی ووافی دے دیا کرتے تھے۔

درحقیقت سیدہ کے سوال کا مقصد اور منشا یہی تھا کہ قریبی رشتہ داروں کو اس وقف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اموال فئے کا متولی بنایا جاوے۔ مگر چونکہ اس متولی بنانے میں یہ اندیشہ اور خطرہ تھا کہ لوگوں میں یہ غلط فہمی ہو جائیگی کہ اموال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو وقف تھے ان میں وراثت جاری کر دیگئی۔ اور آئندہ کے لئے ان اموال فئے کو بجائے وقف سمجھنے کے ورثاء اور رشتہ داروں میں تقسیم ہو جانے کا غلط خیال جاری ہو جاتا جس کو ابتدا ہی سے بند کر دیا گیا۔

اور اسی وجہ سے حضرت عمرؓ نے بھی اپنی خلافت کے دوران میں حضرت علیؓ اور حضرت عباسؓ کو اراضی اور باغات فئے، جو ان دونوں حضرات کی تولیت میں تھے تقسیم تولیت کے سوال پر انکار کر دیا۔ تا کہ ان میں تقسیم بطور وراثت نہ سمجھی جاوے یا سیدہؓ اس سوال کو عدالت میں پیش کر اکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی صداقت

کو واضح فرمانا چاہتی تھیں تاکہ عدالت میں یہ بات پیش ہو کر خوب واضح و مشہور ہو جائے کہ حضور کا اعلان نبوت صرف اللہ تعالیٰ کے ارشاد اور تبلیغ دین اور ہدایت خلق کے لئے تھا نہ کہ اپنی اولاد و اقربا کو جاگیردار اور مالدار بنانے کیلئے حتیٰ کہ حضورؐ کی مقبوضہ جائیداد تک بھی کسی رشتہ دار کو نہیں مل رہی۔ نبی علیہ السلام کی جان و مال ہر چیز اللہ تعالیٰ کے لئے وقف تھی۔

یہ سوال عدالت میں پیش نہ ہونے کی صورت میں ممکن تھا کہ لوگ یہ خیال کرتے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت بھی باقی لوگوں کی طرح تقسیم ہوئی ہو گی۔

اور اس کے ساتھ ساتھ سیدہؓ نے اپنی اولاد در اولاد کیلئے بھی اپنی موجودگی میں یہ فیصلہ کرا کر واضح کرا دیا تاکہ میری اولاد کبھی میرے بعد اموال رسول میں میراث رسول میں میراث حاصل کرنے کی سعی نہ کرتی رہے۔ یا سیدہؓ صدیق اکبرؓ کے خیال وارادہ کی تحقیق کرنا چاہتی تھیں کہ حضور علیہ السلام کی طرح یتمیٰ، مساکین اور بنی ہاشم وغیرہ مستحقین پر خرچ کریں گے۔ یا کوئی طرز جدید اختیار کریں گے۔ جب صدیق اکبرؓ نے یہ کہا کہ "میں بعینہٖ اسی طرح کروں گا جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے۔ تو سیدہؓ مطمئن اور خوش ہو گئیں۔

نیز سیدہؓ نے اس سوال و جواب کے ذریعہ صدیق کی صداقت کو دنیا کے سامنے واضح کر دیا کہ خلیفہ رسول مقبول حکم رسول مقبول کے خلاف کسی کی رو رعایت نہیں کرتا۔ خواہ کیسی محبوب و معزز ترین ہستی کیوں نہ ہو۔

اہل التشیّع کے دلائلِ وراثتؓ

دلیل اوّل

۱۔ قرآن مجید میں ہے۔

یُوْصِیْکُمُ اللّٰہُ فِیْ اَوْلَادِکُمْ لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ الآیۃ	اللہ تعالیٰ تمہیں حکم کرتے ہیں کہ تمہاری وراثت سے تمہاری اولاد میں ایک بیٹے کو دو بیٹیوں کے برابر حصہ ملتا ہے۔

اس آیۃ میں عام حکم ہے۔ جس سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر نہیں ہیں۔ ان کا مال بھی انکی بیٹی کا حق تھا۔ لیکن ابوبکر صدیقؓ نے سیدہؓ کو وراثت نہ دی اور صریح قرآن کے خلاف حدیث نحن معاشر الانبیاء لانورث خود اپنی روایت پیش کر کے سیدہؓ کو حق نہ دیا۔

الجواب

اس آیت میں خطاب امت کو ہے۔ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس میں داخل نہیں ہیں۔ کیونکہ یہ اہلسنت اور اہل تشیع دونوں کے مذہب میں ثابت و محقق ہے کہ انبیاء کرام کی مالی وراثت ہرگز نہیں ہوتی۔ جس طرح کہ ہم اہل تشیع کی معتبر کتابوں سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم اور حضرت علیؓ اور امام جعفر صادق رضؓ کے فرمان نقل کر چکے ہیں اور امام اہل سنت کی کتابوں میں خود حضور علیہ السلام سے صحیح احادیث، متعدد صحابہ کرام رض حضرت حذیفہ رض بن یمان، زبیر بن العوام، عباس و علی، عثمان، عمر، عبدالرحمن بن عوف، سعد ابن وقاص ابو درداء، ابو ہریرہ اور ازواج مطہرات سے منقول و مروی ہیں کہ انبیاء کرام کی مالی وراثت نہیں ہوتی۔

یہ حدیث صرف ابوبکر صدیق رض کی روایت نہیں بلکہ مذکورہ بالا تمام صحابہ کرام اور ائمہ اہلبیت سب کے ہاں مشہور و معروف تھی۔ اگر صرف ابوبکر صدیق رض نے سنی ہوتی تب بھی وہ حدیث موجب علم یقینی تھی۔ کیونکہ حدیث کے متواتر و مشہور اور خبر واحد ہونے کی تقسیم ان لوگوں کے لئے ہے۔ جنہوں نے خود حضور علیہ السلام سے نہ سنا ہو۔ حضور علیہ السلام سے خود سننے کے بعد قطعی و یقینی ہونے میں قرآن مجید اور حدیث شریف میں کوئی فرق نہیں رہتا۔

لہذا اس قطعی و یقینی حدیث رسول مقبولؐ نے آیۃ یوصیکم اللہ الخ کے خطاب کی تعیین و تشریح کر دی کہ یہ امت کے ساتھ مخصوص ہے۔ آنحضرت صلعم اس حکم میں داخل نہیں۔ جیسا کہ:

فانکحوا ما طاب لکم من النسآء مثنیٰ و ثلٰث وربٰع ۔ ؛	نکاح کرو عورتوں میں سے جنکو پسند کرو۔ دو یا تین یا چار۔ ؛

میں صرف امت کیلئے حکم ہے اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم مستثنیٰ ہیں کیونکہ آنحضرتؐ کو چار سے زیادہ عورتوں سے نکاح کرنے کی اجازت تھی۔

تو اس حدیث سے اس آیت کی تخصیص وتعیین اور تشریح ہورہی ہے مخالفت لازم نہیں آتی۔ جس طرح کہ خود شیعہ حضرات کے نزدیک بھی اس آیت سے بہت سی چیزوں کی تشریح ہوچکی ہے جیسے باپ کی کافر اولاد اور غلام اور قاتل اولاد اور لعان کے بعد پیدا ہونیوالی اولاد وارث نہیں ہوتی۔

دلیل دوم

اور سلیمان علیہ السلام، داؤد علیہ السلام کا وارث ہوا۔	وَوَرِثَ سُلَیْمَانُ دَاؤُدَ (الآیۃ)

تو اس آیت سے معلوم ہوا کہ انبیاء کی وراثت مالی بھی ہے۔

الجواب

اس آیت میں وراثت سے مراد علوم ونبوت وبادشاہت کی وراثت ہے۔ اس آیت کا سیاق وسباق اور مقام مدح کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اس سے مراد وراثت علمی اور نبوت میں قائم مقامی ہے۔ کیونکہ داؤد علیہ السلام کے انیس بیٹے تھے تو ان میں سے صرف اکیلے سلیمان علیہ السلام کو کیسے مالی وراثت مل گئی تھی کہ باقی سب محروم ہوں۔

شیعہ کی معتبر کتاب اصول کافی کی روایت بھی اسی معنے کی تائید کرتی ہے۔ صفحہ ۱۳۷ پر مرقوم ہے۔

امام جعفر صادق رح نے فرمایا کہ سلیمانؑ داؤدؑ کے وارث ہوئے اور جناب محمد صلی اللہ علیہ السلام سلیمانؑ کے وارث ہوئے	قال ابو عبد اللہ علیہ السلام ان سلیمان ورث داؤد وان محمدا ورث سلیمان

تو اس میں بھی یہی علوم نبوت کی وراثت مراد ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سلیمان علیہ السلام کے مال کے وارث تو ہرگز نہیں ہوئے۔

دلیل سوم

حضرت زکریا علیہ السلام نے دعا مانگی کہ :۔

اے میرے رب! مجھے ایک بیٹا دے جو میرا وارث ہو اور آل یعقوب کا وارث بنے۔	ھب لی من لدنک ولیا یرثنی ویرث من آل یعقوب (الآیۃ)

تو اس آیت سے معلوم ہوا کہ انبیاء علیہم السلام کی وراثت مالی ہے۔

الجواب :۔

اس آیت میں بھی وراثت سے مراد مالی وراثت ہرگز نہیں ہو سکتی۔ بلکہ علوم اور نبوت میں قائم مقامی اور وراثت مراد ہے۔ کہ میرا اور آل یعقوبؑ کے علوم و اخلاق نبوت کا قائم مقام اور وارث بنے ورنہ زکریاؑ کے وقت آل یعقوب بنی اسرائیل کے ہزاروں لاکھوں آدمی موجود تھے، ان سب کی مالی وراثت صرف زکریا علیہ السلام کے بیٹےؑ کو کس طرح حاصل ہو سکتی تھی۔ علاوہ ازیں پیغمبر کی شان نبوت کے خلاف ہے کہ مال دنیا کی فکر میں خوفزدہ ہو کر دعا مانگے کہ شرعی حکم سے وارث ہونے والے میرے چچازاد بھائی نہ لے جاویں ہم دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ قرآن کریم میں کہیں انبیاء علیہم السلام کی مالی وراثت ان کے اقرباء و ورثاء میں تقسیم ہونے کا ثبوت نہیں ملتا۔ بلکہ یہ ثابت کرنا اور بھی زیادہ مشکل ہے کہ کسی نبی کے بعد اسکی بیٹی یا پوتی یا زوجہ وغیرہ یا کوئی

عورت اس کی وارث بنائی گئی ہو۔

کیا سیدہؓ و علیؓ سے یہ حقیقت مخفی تھی کہ خواہ مخواہ سیدہؓ کو نبی علیہ السلام کے ترکہ کا وارث خیال کرتے ہوں۔ اور آیات مذکورہ سے اس قسم کا استدلال کرتے ہوں

علاوہ ازیں جب حضرت عباسؓ نے اراضی فئی کی مشترکہ تولیت کو چھوڑ دیا تو وہ اراضی صرف حضرت علیؓ کی تولیت میں رہیں۔ اگر وراثت ہوتی تو حضرت علیؓ کیسے حضرت عباسؓ کا حق اپنے قبضہ میں رکھ سکتے تھے۔ بلکہ حضرت علیؓ کے بعد وہ اراضی حضرت حسنؓ مجتبےٰ کے قبضہ میں اور ان کے بعد صرف حضرت حسینؓ کے قبضہ میں رہیں۔

اگر یہ وراثت ہوتی تو حضرت عباسؓ اور ازواج مطہراتؓ اپنا حصہ لیتے اور پھر حضرت علیؓ کے بعد حضرات حسنؓ و حسینؓ اور انکی ہمشیرگانؓ اپنے حصص تقسیم کر لیتے اور اگر نبی علیہ السلام کے ترکہ کا تقسیم نہ کرنا ظلم تھا تو یہ ظلم صرف سیدہ پر نہیں ہوا۔ بلکہ حضرت عباس اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات جن میں خود صدیق اکبرؓ کی صاحبزادی ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ بھی تھیں ان سب پر ظلم ہوا۔

حضرت علیؓ اور حضرت حسنؓ کی خلافت راشدہ میں بھی اراضی فدک وغیرہ کی آمدنی اسی طرح سے تقسیم ہوتی رہی جس طرح صدیق اکبرؓ اور فاروق اعظمؓ وغیرہ کے زمانہ میں ہوتی تھی اور

اہلبیت نبوت کے چشم و چراغ حضرت زید ابن شہید نے فرمایا۔

اما انا لو کنت مکان ابی بکر	اگر ابو بکر صدیقؓ کی جگہ میں ہوتا
حکمت کما حکم بہ ابو بکر	تو فدک کے بارے میں وہی فیصلہ کرتا

جو ابو بکر صدیق نے کیا تھا۔	فی فدک۔

(ہدایہ، نہایہ ج ۵ ص ۲۸۹)

اگر فدک کو عملِ رسول مقبولؐ کے مطابق رکھنا ناحق اور ناجائز تھا تو اس میں حضرت صدیق رضؓ کے ساتھ حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ و حسینؓ اور زید شہید سب کے سب شریک ہیں

سوال:۔ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث نہیں تھی تو ازواج مطہرات کو حجرے کیوں دیئے گئے۔؟

جواب:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات طیبہ میں جس طرح سیدہ فاطمہ اور حضرت اُسامہ کو گھر بنواکر ان کی ملکیت میں دیدیئے تھے۔ اسی طرح ہر ایک زوجہ مطہرہؓ کیلئے ایک ایک حجرہ بنواکر ان کے قبضہ میں دیدیا تھا۔ قرآن مقدس سے بھی یہی معلوم و مفہوم ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اے حضور کی ازواج مطہرات اپنے گھروں میں رہو۔	وقرن فی بیوتکن

اس سے ثابت ہوا کہ حجرے ازواج مطہرات کی ملکیت تھے۔ بطور میراث انکو نہیں دیئے گئے تھے۔

اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ یہ حجرات مبارکہ ازواج مطہراتؓ کی ملکیت نہیں تھے بلکہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت تھے۔ تو پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرات امہات المومنین کو ان حجروں میں رہنے کا استحقاق اس طرح ہے۔ جس طرح ایک عام مسلمان عورت کو خاوند کی وفات کے بعد، ایام عدت میں خاوند کے مکان میں رہنے کا حق ہے۔ کیونکہ ان ایام عدت میں وہ

دوسرا نکاح نہیں کرسکتی۔

چونکہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد ازواج مطہرات کو شرعاً کسی اور سے نکاح کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ لہذا انکو بھی تاحین حیات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکانات میں رہائش اور سکونت کا استحقاق ہے اور وہ عملاً انہی کے ملک میں رہیں گے۔

روایت ہبہ؟

ہبہ فدک کا خیال اگرچہ مطالبۂ وراثت کے بعد بالکل باطل ہو جاتا ہے۔ تاہم جن روایات میں ہبہ کو ثابت اور بیان کیا گیا ہے وہ سب روافض کی اپنی بنائی ہوئی جھوٹی اور موضوع ہیں اور ان کے راوی رافضی ہیں۔

قصہ ہبہ کے خلاف اہل سنت کی کتب معتبرہ میں ثابت ہے کہ جب حضرت عمر ابن عبدالعزیز خلیفہ ہوئے تو بنی مروان کو جمع کر کے فدک کے متعلق فرمایا

ان فاطمۃ رض سئلت ان یجعلھا لھا فابی۔ سیدہ فاطمہ رض نے عرض کی کہ حضور مجھے فدک دیدیں۔ تو حضور نے انکار کر دیا۔

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا تو حضرت صدیق اکبر رض اور حضرت فاروق اعظم رض اپنے دور خلافت میں فدک کے متعلق وہی کرتے رہے جو عمل رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کر گئے۔ حتی کہ مجھ تک پہنچ گیا۔ جب حضور پر نور صلی اللہ علیہ

وسلم نے فدک سیدہ فاطمہؓ کو نہ دیا۔ تو جو چیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ فاطمہؓ کو نہیں دی۔ میرے لیئے بھی اپنے ملک اور قبضہ میں رکھنا جائز نہیں۔ میں تم کو گواہ کر کے فدک کو اسی حالت پر رد کرتا ہوں جس حالت پر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تھا

(ابوداود شریف۔ مشکوٰۃ شریف)

تحقیق روایت ناراضگی

اب قابل غور امر یہ ہے کہ جناب سیدہؓ نے صدیقؓ سے وراثت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا سوال کیا تو صدیقؓ نے حدیث رسولؐ ——— نحن

معاشر الانبیاء لانورث ما ترکنا فھو صدقۃ ؛

بیان کی تو سیدہؓ غضبناک ہو گئیں۔ اور پھر کبھی کلام نہ کیا۔ اسکی کیا حقیقت ہے؟

الجواب :- درحقیقت اصل روایت یہ ہے۔ جب صدیق اکبرؓ نے حدیث رسول اللہؐ بیان کی۔ جو کہ متعدد حضرات صحابہؓ و اہلبیتؓ جانتے اور مانتے تھے، تو سیدہ مطمئن اور خوش ہو گئیں اور اس بارے میں وفات تک پھر کسی قسم کا کلام نہ کیا۔ اصل روایت میں یہ ہرگز نہ تھا کہ صدیق اکبرؓ سے کوئی کلام نہ کیا اور ان سے ناراض ہو گئیں تھیں۔ کیونکہ سیدہ کا حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم سن کر ناراض ہونا ممکن ہی نہیں بلکہ ایک ادنیٰ مسلمان بھی ایسا نہیں جو کہ حدیث رسول سن کر ناراض

ہو۔ چہ جائیکہ سیدہ رضہ ناراض ہوں۔

تو غضبت کا لفظ روایت میں کیوں آگیا۔ اس کا جواب کیا ہے؟

(۱) روایت فدک اصل میں صرف تین صحابہ رض سے مروی ہے۔

حضرت عائشہ رض صدیقہ، حضرت ابو ہریرہ رض، حضرت ابو الطفیل رض۔ حضرت ابو ہریرہ رض اور حضرت ابو الطفیل کی روایت میں ناراضگی کا نام و نشان نہیں۔ اور حضرت عائشہ صدیقہ کی روایت میں زہری رح کے ذریعہ ہے اور زہری کے متعدد شاگردوں میں سے بعض نے کسی جگہ ناراضگی کا ذکر کیا اور کسی جگہ نہ کیا۔ لیکن دوسرے بعض نے بالکل ذکر ہی نہیں کیا۔

اور جہاں جہاں ناراضگی کا ذکر ہے۔ اس میں خود سیدہ رض کی زبان سے کسی صحیح روایت میں ان کا غضبناک اور ناراض ہونا ثابت نہیں۔ ناراضگی فعل قلب ہے جب تک ظاہر نہ کیجادے دوسرے شخص کو اس کی خبر نہیں ہوسکتی۔ البتہ قرائن سے دوسرا شخص قیاس کر سکتا ہے۔ تو قیاس و اندازہ سے راوی نے ناراضگی سمجھ کر "غضبت" روایت کیا ہے۔ جو اسکی غلط فہمی کا نتیجہ ہے بمقتضائے بشریت غلط فہمی ہو سکتی ہے۔ کیونکہ قرائن خارجی سے نتیجہ نکالنے میں کبھی بڑوں سے بھی ایسی بات ہو جاتی ہے۔ جیسے موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور سے واپسی پر یہ سمجھا کہ ہارون علیہ السلام نے ان کے پیچھے قوم کی خبر گیری میں میرے حکم کی اچھی طرح تعمیل نہیں کی۔ حتیٰ کہ غصہ میں ہارون علیہ السلام کی داڑھی اور سر کے بال پکڑ کر کھینچے حالانکہ ہارون علیہ السلام بالکل بے قصور تھے۔ اور

موسیٰ علیہ السلام کا یہ اندازہ ہارون ؑ کی بابت درست نہ تھا۔

(۲) علاوہ ازیں بعض چیزیں راوی اپنے قیاس سے صحیح سمجھ کر واقعہ بیان کرتا ہے مگر حقیقت میں وہ اس کا بیجا قیاس اور تاثر ہوتا ہے یہ صحیح واقعہ نہیں ہوتا اس کی سیرت میں بہت سی مثالیں موجود ہیں

ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات سے چند روز بالاخانہ میں قیام پذیر ہو گئے تو مشہور ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات کو طلاق دیدی ہے۔ حضرت عمرؓ یہ خبر سن کر مسجد میں آئے جہاں لوگ یہ کہہ رہے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق دیدی ہے۔ حضرت عمرؓ نے بالاخانہ میں جا کر حضور علیہ السلام سے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کوئی طلاق نہیں دی۔

جس طرح حضور علیہ السلام کی خلوت نشینی اور ازواج کے پاس آنے جانے سے رک جانے کے باعث لوگوں نے اپنے قیاس و اندازہ سے طلاق سمجھ لی تھی۔ حالانکہ واقع میں کوئی طلاق نہ تھی اسی طرح اس روایت کے راوی نے اپنے استاد سے لم متکلم کے الفاظ سنے اور اس سے اپنی غلط فہمی کے باعث ناراضگی سمجھ کر غضبت کا لفظ روایت میں بیان کر دیا اور پھر ایک دوسرے سے نقل ہوتا گیا حالانکہ لم متکلم کا مقصد یہ تھا کہ سیدہؓ کو فدک کے متعلق تسلی ہو گئی کہ اس میں وراثت بھی نہیں۔ اور اس میں مثل عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمل جاری رہنا ہے تو پھر اس بارے میں کبھی کوئی کلام دوبارہ نہ کیا۔

یہ مراد ہرگز نہ تھی کہ صدیقؓ پر ناراض ہو کر کلام تکلم بند کر دیا اس غلط فہمی کے بیان سے راوی کے عدل و صداقت۔ اور ثقہ و معتبر ہونے پر کوئی اعتراض و شک نہیں ہو جاتا

توجس طرح حضور علیہ السلام سے دریافت کرنے کے بعد ثابت ہوا کہ لوگوں کا قیاس غلط تھا واقعہ اس طرح نہ تھا تو اسی طرح اس ناراضگی سیدہ کے متعلق جب تک سیدہ کی زبانی ثبوت نہ ملے کیسے یقین و جرأت کی جاسکتی ہے کہ صدیق رضؓ سے حدیث رسول سن کر سیدہؓ فی الواقع ناراض ہو گئی تھیں۔ بلکہ راوی نے اپنا قیاس و اندازہ ناراضگی کا لگایا ہے جو فی الحقیقت واقعہ نہیں ہے۔ لمسہٗ متکلم کے الفاظ اپنے استاذ سے سنے اور اس کا سبب ناراضگی سمجھ کر روایت بالمعنی امیں غضبت کا لفظ بیان کر دیا جس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ ایک استاذ زہریؒ سے انکے مختلف شاگرد مختلف الفاظ میں روایت بیان کر رہے ہیں۔ اور غضبت ذکر کرنیوالے شاگرد بھی کبھی اس لفظ کو بیان کرتے ہیں۔ کبھی نہیں کرتے جس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ روایت بالمعنی کر رہے ہیں۔ تو روایت بالمعنی کرنے میں راوی سے غلط فہمی ہو گئی۔ اور بخاری شریف کے صحیح ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے راوی ثقہ، عادل و معتبر ہیں۔ وضاع و کذاب نہیں۔ ان میں اگر ایک سے خطا اجتہادی یا غلط فہمی ہو جائے تو یہ ان کی صداقت و عدالت، دیانت و ثقاہت کے خلاف نہیں اور نہ اس سے کتاب کی صحت پر حرف آتا ہے۔

بالفرض اگر ناراضگی کا واقعہ ہوتا تو صحابہ کرامؓ اور اہل بیت عظام اور تابعین و اہل مدینہ میں اس کا عام چرچا اور شہرت ہوتی۔ لیکن سوائے زہریؒ کے بعض شاگردوں کے اور کوئی اسکو ذکر نہیں کرتا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ناراضگی کا کوئی واقعہ نہیں تھا۔

عقل و درایت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ سیدہؓ جن کا لقب "بتول"

یعنی تارک دنیا اور خاتون جنت۔ اور مخدومہ کائنات ہو۔ صدیق اکبر سے حدیث رسول مقبول علیہ السلام سنکر ہرگز ناراض نہ ہوں بلکہ راضی اور خوش ہوں

رضامندی سیدہ رضؓ

کیونکہ کتب اہل سنت اور اہل تشیع میں سیدہؓ کی رضامندی کے روایات اور واقعات بھی ثابت ہیں۔ بیہقی، شروح بخاری و شروح مشکوٰۃ۔ نبراس شرح شرح عقائد صفحہ ۵۵ البدایہ والنہایہ۔ طبقات ابن سعد وغیرہ کتب اہل سنت میں سیدہؓ کی رضامندی ثابت ہے۔

حضور علیہ السلام کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضؓ جناب سیدہ رضؓ کی خدمت میں حضرت علیؓ کی موجودگی میں گئے اور کہا:

واللہ ما ترکت الدار والمال والاھل والعشیرۃ الا ابتغاء مرضاۃ اللہ ومرضاۃ رسولہ ومرضاتکم اھل البیت ثم ترضاھا حتی رضیت وھذا اسناد جید قوی۔!

(البدایہ والنہایہ ج ۵ صفحہ ۲۸۹ عماد الدینؒ ابن کثیر)

اللہ کی قسم! میں اپنا گھر بار مال اور اہل وعیال، قوم برادری، سب کچھ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ السلام کی رضاجوئی اور تم اہلبیت نبوت کی رضاجوئی کے لئے چھوڑ چھاڑ آیا تھا۔ جس سے سیدہ رضؓ کو خوش کیا تو سیدہؓ نہایت راضی خوش ہوگئیں اس روایت کی سند نہایت عمدہ، صحیح اور معتبر و مضبوط ہے۔

شیعہ کی معتبر کتاب شرح نہج البلاغۃ ابن میثم بحرانی جزء ۵ ص ۱۰۷ من کتابہ الی عثمان ابن حنیف، دوسری کتاب شرح نہج البلاغۃ ابن ابی الحدید ص ۲۹۶ جزء شانزدہم اور تیسری کتاب درہ نجفیہ مطبوعہ طہران ص ۳۳۲ پر ہے

کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یاخذ من فدک قوتکم و یقسم الباقی و یحمل منہ فی سبیل اللّٰہ و لک علی اللّٰہ ان اصنع بھا کما کان یصنع فرضیت بذلک و اخذت العھد علیہ بہ و کان یاخذ غلتھا فید فع الیھم منھا ما یکفیھم ثم فعلت الخلفاء بعدہٗ کذلک الی ان ولی معاویۃ رض۔

جناب صدیق اکبر رض نے حضرت سیدہ رض کی خدمت میں عرض کیا کہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فدک کی آمدنی سے تمہارا خرچ لے لیا کرتے تھے۔ باقی ماندہ تقسیم فرماتے اور فی سبیل اللّٰہ جہاد وغیرہ میں سواریاں لے دیتے تھے۔ اور اللّٰہ کی قسم کھا کر تم سے معاہدہ کرتا ہوں کہ میں فدک میں اسی طرح کروں گا جس طرح آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم کرتے تھے تو حضرت سیدہ رض فدک کے اس فیصلہ پر راضی اور خوش ہو گئیں اور حضرت صدیق رض سے اس بات کا عہد لیا۔ تو حضرت ابوبکر رض فدک کی پیداوار وصول کر کے اس سے اہلبیت کا کافی داتی خرچ دیتے تھے پھر صدیق اکبر کے بعد امیر معاویہ کی حکومت آنے تک تمام خلفائے یہی

عمل جاری رکھا۔

تو شیعہ حضرات کی ان تینوں کتابوں کی یہ روایت اس حقیقت کو واضح کرتی ہے۔

(۱) فدک کی پیداوار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں اہلبیت و فقراء، مساکین اور فی سبیل اللہ یعنی اسلامی ضروریات میں خرچ کی جاتی تھی۔ فدک خاص سیدہ یا حضرت علیؓ و حسنینؓ میں سے کسی کو ہبہ نہ کیا گیا تھا۔

(۲) جناب سیدہؓ نے حضرت صدیق رضؓ سے یہی معاہدہ لیا کہ حضرت رسول اکرمؐ کا عمل اور طریقہ تقسیم جاری رکھا جائے چنانچہ حضرت صدیق رضؓ نے یہی معاہدہ کر لیا اور جناب سیدہ راضی خوش ہو گئیں۔

(۳) جناب سیدہ اور حضرات حسنین شریفین فدک کی پیداوار سے اپنا تمام خرچ حضرت صدیق اکبرؓ سے لیتے رہے۔

(۴) جس طرح رسول پاک کا عمل تھا اسی طرح صدیق اکبرؓ کا عمل تھا۔ اور بعینہ یہی عمل تمام خلفائے راشدین حضرت عمر فاروقؓ عثمان غنیؓ اور علی المرتضےٰؓ اور حسن مجتبےٰؓ کا رہا حتی کہ امیر معاویہؓ کی سلطنت آگئی۔ اس عرصہ میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوا۔ کیونکہ یہی حکم خدا و رسولؐ خدا کا تھا اس لئے تمام خلفائے راشدینؓ نے اسی حکم کی پابندی کی۔ تو اب صدیق اکبرؓ پر جناب سیدہؓ کی ناراضگی کی بات کسی راوی کی غلط فہمی کا نتیجہ ہے۔ ورنہ سیدہ اللہ تعالیٰ اور حکم رسول مقبول علیہ السلام کا حکم دیکھ کر اس حکم کے خلاف ناراضگی کیسے رکھ سکتی تھیں۔ اگر ناراض ہوتیں تو اپنا اور اپنے بچوں کا تمام خرچ خوراک کیوں وصول فرماتی رہیں۔

(۵) بعض لوگوں کا یہ خیال بھی غلط ثابت ہو گیا کہ حضرت عثمانؓ نے اپنی

خلافت میں فدک مروان کو دیدیا تھا بلکہ اس سے بخوبی ثابت ہے کہ وہ بھی عمل رسولؐ اور عمل صدیقؓ و فاروقؓ کی مانند عمل کرتے رہے جس طرح مذکورہ تینوں کتابوں سے ثابت ہے کہ سیدہؓ اپنا اور اپنے خاندان کا خرچ صدیق اکبرؓ سے لیتی رہیں اور تمام خلفائے راشدین کا عمل یکساں رہا۔

اسی طرح شیعہ کی معتبر کتاب شرح نہج البلاغۃ مصنفہ سید علی نقی "فیض الاسلام" کے صفحہ ۹۶۰ سطر چار پر مرقوم ہے۔

"ابوبکر غلہ و سود آں را گرفتہ بقدر کفایت باہل بیت علیہم السلام مے داد و خلفاء بعد از وبراں اسلوب رفتار نمودند تا زمان معاویہؓ"

اس سے بھی واضح ہے کہ سیدہ خرچ لیتی رہیں۔ ناراضگی نہ تھی۔ اگر ناراض ہوتیں تو خرچ وصول نہ فرمائیں

علاوہ ازیں کتب شیعہ سے بھی ثابت ہے کہ جناب سیدہ کی ہر طرح کی خدمت حضرت صدیق اکبرؓ کی اہلیہ محترمہ اسما بنت عمیس کرتی رہتی تھیں۔ حتیٰ کہ جناب سیدہ کے مرض کے زمانہ میں تیمارداری کے تمام فرائض حضرت صدیق اکبر کی بیوی حضرت آسما ہی سرانجام دیتی رہیں۔ اور سیدہ کی وفات کے بعد تجہیز تکفین اور غسل کا کام بھی اسماء زوجہ صدیق اکبرؓ نے سرانجام دیا۔

جلاء العیون صہ ۲۳۷ پر ہے:۔

امیر المومنینؓ و اسماءؓ بنت عمیس فاطمہؓ را غسل دادند۔!	جناب علی المرتضیٰ اور حضرت اسماء بنت عمیس نے جناب سیدہ کو غسل دیا۔

حتیٰ کہ سیدہ کو بیماری کے زمانہ میں گھوارہ کے ذریعہ حضرت اسماءؓ نے پردہ بناکر

دکھایا۔ جس پر سیدہ رض نے وصیت فرمائی۔ کہ میری وفات کے بعد گہوارہ بنا کر میرے جنازہ کا پردہ کیا جاوے۔ جو کہ حسب وصیت حضرت اسما رض نے بنایا۔

نیز حضرت علی رض کا بیعت کرنا اور صدیق اکبر رض کے پیچھے نمازیں ادا کرنا کتب شیعہ میں صراحۃً موجود ہے:۔

احتجاج طبرسی صد ۵۲ پر ہے:۔

ثم تناول ید ابی بکر فبایعہ:۔	پھر حضرت علی المرتضٰے نے حضرت صدیق اکبر کا ہاتھ پکڑ کر بیعت کر لی

اور اسی کتاب کے صد ۶۰ پر حضرت علی رض کے متعلق مرقوم ہے۔

ثم قام و تہیا للصلوٰۃ وحضر المسجد و صلی خلف ابی بکر رض	پھر حضرت علی المرتضٰے رض اٹھے اور نماز کیلئے تیاری کر کے مسجد میں حاضر ہوئے اور ابوبکر صدیق کے پیچھے نماز، ادا کی۔

بعینہٖ یہی عبارت تفسیر قمی اور مراۃ العقول شرح الاصول والفروع میں بھی موجود ہے۔

اگر سیدہ ناراض ہوتیں تو علی المرتضٰے حضرت صدیق اکبر رض کی بیعت، کیوں کرتے اور ان کے پیچھے نمازیں کیوں پڑھتے۔؟ اب چودہ سو سال بعد آنے والا تو سیدہ رض کی ناراضگی کا نام سن کر جناب ابوبکر رض سے بیزاری کو تقاضائے ایمان سمجھتا ہے۔ لیکن شیر خدا جیسے کامل الایمان کے سامنے اگر حقیقۃً،

ناراضگی ثابت ہوئی تو صدیق رضؓ کے ہاتھ پر کیوں بعیت فرماتے اور کیوں ان کے پیچھے نمازیں پڑھتے۔ ؟

تو ان تمام واقعات مذکورہ بالا سے ثابت ہوتا ہے کہ سیدہؓ اور علیؓ صدیق رضؓ اکبر سے راضی تھے۔ ورنہ ان تعلقات کی صورت نہ تھی۔ اگر بالفرض سیدہؓ صدیق اکبر پر ناراض ہو گئیں تو جس طرح موسیٰؑ نے ہارون علیہ السلام پر غصہ ہو کر ان کی داڑھی اور ان کے بال پکڑ کر کھینچے۔ حالانکہ ہارون علیہ السلام بے قصور تھے۔ یا جسطرح کتب شیعہ میں ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ کو چاندی کے زیور پہنے دیکھ کر غضبناک ہو گئے۔

شیعہ کی کتاب "منتہی الآمال" مصنفہ شیخ عباس قمی مطبوعہ ایران ۱ صـ۹۷ پر ہے۔

"غضبناک بیرون رفت و بمسجد در آمد و بنزد ممبر نشست حضرت فاطمہ دانست کہ حضرت برائے زینتہا چنیں بغضب آمدند۔"

یا حضرت سیدہ فاطمہؓ نے حضرت علیؓ پر غصہ ہو کر فدک کے سلسلے میں فرمایا "اشتملت مشملۃ الجنین وقعدت حجرۃ الظنین الخ"، شیعہ کی کتاب احتجاج طبرسی صـ۹۵ مطبوعہ نجف اشرف۔ جس کا ترجمہ باقر مجلسی نے اپنی کتاب "حق الیقین" جلد اول صـ۱۶۱ پر یوں لکھا ہے۔

"خطا بہائے شجاعانہ درشت باسید وصیا نمود کہ مانند جنین در رحم پردہ نشین شدہ و مثل خائناں در خانہ گریختہ۔"

اور شیعہ کی کتاب "جلاء العیون" کے صفحات ۱۶۱ اور ۱۷۱ پر مرقوم

ہے کہ سیدہ حضرت علیؓ پر ناراض ہو کر حضورؐ کے گھر چلی گئیں۔ اور صفحہ ۹۱ کے دوسرے مقام پر ہے کہ حضور علیہ السلام کی خدمت میں جا کر حضرت علیؓ کی شکایت کی"۔

تو مذکورہ واقعات میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حضرت ہارون علیہ السلام پر غصہ ہو جانے سے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سیدہؓ پر غضب ناک ہو جانے اور سیدہؓ کے علی المرتضیٰ پر ناراض ہو جانے سے اگر ان حضرات کے شان و ایمان پر کسی قسم کا اعتراض اور حرف نہیں آتا تو سیدہؓ کے جواب میں ادب و احترام کے ساتھ صدیق اکبر کے حرف حدیث رسول پیش کرنے سے اگر بالغرض سیدہؓ کو ناراضگی آ گئی ہو تو صدیق اکبر کے ایمان اور شان پر اعتراض کرنا کونسا انصاف اور دیانت ہے۔

سیدہؓ کا جنازہ!

اور یہ کہنا کہ سیدہؓ کی ناراضگی کی وجہ سے نہ صدیق رضؓ کو سیدہؓ کی وفات کا علم ہوا۔ اور نہ وہ شریک جنازہ ہوئے اور نہ انکو اس کی اطلاع بھیجی گئی۔ بالکل غلط ہے۔ کیونکہ صدیق رضؓ کو سیدہؓ کی وفات کی اطلاع بھیجنے کی ضرورت نہ تھی جبکہ ان کی اہلیہ اسماء بنت عمیسؓ سیدہؓ کی تیمار دار اور ہر وقت بیماری میں خدمت گار تھیں۔ اور تجہیز و تکفین اور غسل سیدہؓ کا کام بھی صدیقؓ کی بیوی نے سرانجام دیا اور ان کے جنازہ کے پردہ کا گہوارہ بھی صدیق رضؓ کی بیوی نے بنایا۔

اور کسی روایت سے یہ ثابت نہیں کہ صدیق اکبرؓ نے سیدہؓ کا جنازہ نہیں پڑھا

بلکہ بعض روایات میں ہے کہ صدیق اکبرؓ سیدہؓ کے جنازہ کے امام تھے جیسے کنز العمال جلد نمبر ۶ کتاب الفضائل من قسم الافعال صفحہ ۳۱۸ پر ہے۔

عن جعفر ابن محمّد عن ابیہ قال ماتت فاطمۃ بنت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فجاء ابوبکر وعمرؓ لیصلوا فقال ابوبکر لعلی ابن ابی طالب تقدم۔ فقال ماکنت لاتقدم وانت خلیفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ فتقدم ابوبکر فصلی علیہا۔!

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد بزرگوار سے روایت کرتے ہیں کہ جب سیدہؓ بی بی فاطمہ حضورؐ کی بیٹی فوت ہوئیں تو ابوبکرؓ وعمرؓ جنازہ پڑھنے کیلئے آئے تو جناب صدیقؓ نے حضرت علیؓ کو کہا کہ تم امام بنو تو حضرت علیؓ نے فرمایا خلیفۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں میں امام نہیں بن سکتا۔ پس ابوبکر امام بنے اور سیدہ کا جنازہ پڑھا۔

اور طبقات ابن سعدؒ جلد ہشتم صفحہ ۲۹ پر ثابت ہے۔

عن حماد عن ابراھیم قال صلی ابوبکرن الصدیق علی فاطمۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکبر علیہا اربعًا۔!

جناب ابوبکر صدیقؓ نے بی بی فاطمہؓ کا جنازہ پڑھا اور اس پر چار تکبیریں کہیں

یہ روایت بعینہٖ "سیرت حلبیہ" جلد سوم ص ۳۹۱ پر بھی ثابت ہے۔

اہل سنّت و اہل تشیع کے مؤرخین نے لکھا ہے کہ جناب امام حسینؓ نے حضرت امام حسنؓ کے جنازہ پر سعید ابن العاص اموی حاکم مدینہ کو امام بنایا اور فرمایا۔ لولا انہ سنۃ ما قدمتہ۔ اگر جنازہ میں حاکم کی امامت کا دستور نہ ہوتا تو میں اس کو امام نہ بناتا۔

تو یہ طریقہ جاریہ اور دستور مسلمہ بھی تائید کرتا ہے کہ سیّدہؓ کے نماز جنازہ کے امام بھی ضرور بالضرور ابوبکر صدیق ہی بنے ہوں۔ واللہ اعلم۔

اصولی طور پر یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیئے کہ روایاتِ نفی پر روایات اثبات کو ترجیح ہوتی ہے۔

تو اس سے بھی یہ ثابت ہوگیا کہ جن روایات میں حضرت علیؓ یا حضرت عباسؓ کے متعلق "صلّی علیھا" کے الفاظ وارد ہیں تو ان سے جنازہ پڑھنا مراد ہے امامت مراد نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم۔

انصاف اور دیانتداری سے یہ امر بھی قابل غور ہے کہ جس صدیق اکبرؓ نے فدک کی آمدنی میں سے عمل رسولؐ کے خلاف اپنے اوپر اور اپنے اہل وعیال اور خاندان و رشتہ داروں پر ایک پائی بھی خرچ نہ کی اور اپنی دو سالہ خلافت میں بیت المال سے جو مال بطور وظیفہ لیا تھا وہ سارے کا سارا بوقت وفات وصیت کر کے بیت المال میں واپس کر دیا اور وصیت کی کہ مجھے نئے کپڑوں کی بجائے پرانے کپڑوں میں کفن دیا جائے۔

وہ کسی پر ظلم اور ناحق کیسے اور کیوں کرے گا۔ جزاہ اللہ تعالیٰ و

رضی عنہم ورضاہ ۔ آمین ۔

توحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشین اوّل خلیفہ بلافصل سیدنا ابوبکر صدیق رضؓ کے اخلاص اور انتہائی محبت واطاعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور صداقت ، امانت ، دیانت میں کمال ہی اس امر کا موجب تھا کہ صدیق رضؓ کی بیعت خلافت پر تمام صحابہ مہاجرین وانصار ۔ بنی ہاشم وقریش سب کے سب متفق ومتحد ہو گئے ۔ اس باہمی اتفاق واتحاد اور محبت واخوت کی وجہ سے یہ حضرات دنیا اور آخرت میں بلند مقامات اور اعلیٰ مراتب پر فائز المرام ہو گئے ۔ اور ان حضرات ہی کا زمانہ ہر دور اور ہر قرن میں آنے والی نسلوں کیلئے ایک نمونہ اور لائحہ عمل چھوڑ گیا کہ اگر مسلمان اپنے دین وایمان کی صحت وسلامت اور دنیاوی عروج وترقی اور اخروی نجات وسرخروئی چاہتے ہیں ۔

تو ان کیلئے صرف یہی ایک راہ اتباع نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور اتحاد واتفاق ہے ۔ جس پر کہ شاگردان رسول صلی اللہ علیہ وسلم ، جناب صدیق رضؓ وفاروق رضؓ ، غنی رضؓ علی رضؓ صحابہ کرام رضؓ اور اہلبیت عظام نے عمل پیرا ہو کر اپنے مولا حقیقی جل شانہ ' اور اس کے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام مخلوق کو راضی کر کے دنیا کی تاریخ میں ایک بے نظیر نمونہ اپنے پیچھے چھوڑا ۔

اللہ تعالیٰ اھسم تمام مسلمانوں کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی ، توفیق بخشے ۔ آمین ، ثم آمین

وما توفیق الا باللہ العلی العظیم ۝